AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف سچ کی طاقت
A.B.C CERTIFIED
DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24
بدھ 10 شعبان 1445ھ 21 فروری 2024ء 9 پھاگن 2079ب
شمارہ نمبر 252

مارشل لا انفرادی فیصلہ ہے، اسے فوج بطور ادارہ نافذ نہیں کرتی، چیف جسٹس

کیا بھٹو کیس افواج اور سپریم کورٹ کیلئے ساکھ بحالی کا موقع نہیں؟ سابق چیف جسٹس نے پھانسی کے فیصلے میں بدنیتی کی یا اعتراف جرم کیا؟ سابق چیف جسٹس نے اپنی غلطی کا اعتراف کیا' اسے بدنیتی نہیں اعتراف جرم کہیں گے، ریمارکس

گر میں جانبدار ہوں تو یہ میرے سوا کوئی نہیں جان سکتا ہے نہ ثابت کر سکتا ہے، ممکن ہے کہ بھٹو کیس میں جانبداری کے علاوہ کوئی نئی کیٹیگری نکالنی پڑے، اگر کل کو کوئی جج اٹھ کر کہے کہ میں نے دباؤ میں فیصلہ کیا تو کیا ہوگا؟ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان میں سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کے خلاف دائر صدارتی ریفرنس پر چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے سوال اٹھائے ہیں کہ کیا بھٹو کیس افواج پاکستان اور سپریم کورٹ کے لیے اپنی غلطی درست کرنے، ساکھ بحالی کا موقع نہیں؟ کیا یہ موقع نہیں کہ دونوں ادارے خود پر لگے الزامات سے دامن چھڑائیں؟۔ منگل کو چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 9 رکنی لارجر بینچ نے کی۔ لارجر بینچ میں جسٹس سردار طارق مسعود، جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس یحییٰ آفریدی، جسٹس امین الدین، جسٹس جمال مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس حسن اظہر رضوی اور جسٹس مسرت ہلالی شامل ہیں۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے گزشتہ سماعت پر عدالتی معاونین سے تحریری دلائل طلب (بقیہ نمبر 1)

پنجاب میں حکومت سازی، ن لیگ کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس آج طلب

پنجاب اسمبلی کے اجلاس، حکومت سازی، سپیکر، ڈپٹی سپیکر کے انتخاب بارے مشاورت ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں حکومت سازی کے معاملے پر مسلم لیگ (ن) نے پارلیمانی پارٹی کا اجلاس آج (بدھ) کے روز طلب کر لیا۔ پنجاب کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس 21 فروری کو جاتی امراء رائے ونڈ میں ہوگا جس کی صدارت مسلم لیگ (ن) کی نامزد وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کریں گی۔ اجلاس میں پنجاب سے منتخب ہونے والے لیگی ارکین اسمبلی شرکت کریں گے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 2)

)پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

مل بیٹھ کر ملک کا مستقبل طے کرنا ہوگا، بلاول

میں الیکشن جیت جاتا تو کہہ سکتا تھا کہ یہ میرا مینڈیٹ ہے لیکن عوام کی دانشمندی اور شعور دیکھیں کہ ایک جماعت کو اکثریت ہی نہیں دی کہ وہ اپنے طور پر حکومت کرے، عوام نے پیغام دیا ہے کہ ملک ایک جماعت نہیں چلا سکتی

ہم اپنے مؤقف پر ڈٹے ہیں اور (ن) لیگ کو اپنی شرائط پر ووٹ دینگے' کسی اور نے اپنا مؤقف تبدیل کرنا ہے تو پیشرفت ہوسکتی ہے اگر کوئی اپنا مؤقف تبدیل کرنے کو تیار نہیں تو بہت خطرناک تعطل نظر آرہا ہے، چیئرمین پی پی

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ (ن) لیگ کو ووٹ اپنی شرائط پر دیں گے اور حکومت سازی کیلئے اپنے مؤقف پر قائم ہیں اس لیے کسی اور نے اپنا مؤقف تبدیل کرنا ہے تو پیشرفت ہوسکتی ہے۔ سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو (بقیہ نمبر 31)

لاہور، شہباز شریف سے ن لیگ میں شمولیت اختیار کرنیوالے آزاد ارکان ملاقات کر رہے ہیں

انتخابی اخراجات کے گوشوارے جمع کروانے کی آج آخری تاریخ

لاہور (این این آئی) خواتین اور غیر مسلموں کے لئے مختص قومی وصوبائی اسمبلی کی نشستوں کے لئے ایسے تمام امیدواران جن (بقیہ نمبر 30)

محسن نقوی کا پولیس ٹریننگ کالج کا دورہ، سپورٹس جمنیزیم کا افتتاح

ایمانداری کیساتھ فرائض سرانجام دیں، حق حلال کی روزی کمائیں، رزق میں اضافہ ہوگا' وزیراعلیٰ

لاہور (این این ائی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے پولیس ٹریننگ کالج لاہور کا دورہ کی اور پولیس ٹریننگ کالج کے سپورٹس جمنیزیم کا افتتاح کردیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سپورٹس جمنیزیم کا دورہ کیا اور زیرتربیت پولیس کے لئے فراہم کردہ کھیلوں کی سہولتوں کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ محسن (بقیہ نمبر 32)

حکومت سازی، پنجاب اسمبلی کا اجلاس 22 فروری کو طلب کرنے کا فیصلہ

مخصوص نشستوں کی آئینی حیثیت متنازعہ ہونے کا خدشہ' آزاد ارکان کی سنی اتحاد کونسل میں شمولیت کے باوجود مخصوص نشستوں سے محروم ہونے کا امکان

کل پنجاب اسمبلی کا اجلاس بلایا جارہا ہے اس کی تصدیق نہیں کرسکتا کہ میرے علم میں نہیں کہ ابھی ہاؤس مکمل ہوا ہے یا نہیں، سپیکر سبطین خان

لاہور (این این آئی) پنجاب میں حکومت سازی کے معاملہ پر پنجاب اسمبلی کا اجلاس بائیس فروری کو طلب کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ذرائع کیمطابق پنجاب میں مخصوص نشستوں کی آئینی حیثیت متنازعہ ہونے کا خدشہ ہے، تحریک انصاف کے آزاد ارکان کی سنی اتحاد کونسل میں شمولیت کے باوجود (بقیہ نمبر 3)

یوکرین وغزہ میں سلامتی کونسل کی ناکامی ویٹو پاور رکھنے والے ملک ہیں، منیر اکرم

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستانی سفیر منیر اکرم نے کہا ہے کہ یوکرین اور غزہ میں امن کے لیے سلامتی کونسل کی ناکامی (بقیہ نمبر 5)

سانحہ 9 مئی' اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن تیز، متعدد گرفتار

گرفتار ہونے والوں میں جیتنے والے امیدواروں سمیت متحرک سیاسی کارکن شامل

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کی جانب سے سانحہ 9 مئی میں ملوث اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی گئی ہے، پولیس نے جلاؤ گھیراؤ اور پرتشدد کارروائیوں میں ملوث 13 اشتہاریوں کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ہونے والوں میں عام انتخابات کے جیتنے والے (بقیہ نمبر 4)

دھاندلی الزامات، لاہور ہائیکورٹ کا الیکشن ٹربیونل میں 9 ججز کی تقرری سے انکار

ماضی میں ریٹائرڈ سیشن ججز پر مشتمل ٹربیونل تشکیل دیئے جاتے تھے، اس بار ایکٹ میں ترامیم کرکے ہائیکورٹ کے حاضر سروس ججز پر مشتمل ٹربیونل تشکیل دینے کی ترمیم کرلی گئی

کیسز کو بروقت نمٹانے کے لیے اچھی شہرت کے حامل وکلا کی بطور جج تقرری ضروری ہے، ججز کی آسامیوں کو پر کیے بغیر بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ناممکن ہے' ماہرین

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے لاہور ہائیکورٹ سے 9 ججز کو بطور ٹربیونل تعینات کرنے کے لیے نام مانگ لیے، لاہور ہائیکورٹ نے انکار کرتے ہوئے صرف دو ججز کے نام ارسال کئے۔ 8 فروری کو عام انتخابات کا عمل مکمل تو ہوگیا لیکن نتائج آنے کے بعد تمام سیاسی جماعتوں نے الیکشن کے نتائج پر تحفظات کا اظہار کردیا اور بعض سیاسی جماعتوں نے اس الیکشن کو دھاندلی زدہ قرار دیا۔ الیکشن قوانین کے مطابق الیکشن کا عمل مکمل ہونے کے بعد جب امیدوار کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری ہوجائے اور مخالف امیدوار کو اگر اس پر تحفظات ہوں تو وہ الیکشن ٹربیونل سے رجوع کرسکتا ہے۔ ماضی میں ریٹائرڈ سیشن ججز پر مشتمل ٹربیونل تشکیل دیئے جاتے تھے، اس بار الیکشن ایکٹ میں ترامیم کرکے ہائیکورٹ کے حاضر سروس ججز پر مشتمل ٹربیونل تشکیل دینے کی ترمیم کرلی گئی۔ الیکشن ایکٹ میں ترمیم کے بعد دھاندلی کے (بقیہ نمبر 29)

سیاسی جماعتوں میں اتفاق نہیں ہوا تو آئین میں اس کا حل موجود ہے، مرتضیٰ سولنگی

انتخابات کے بعد قومی اسمبلی کا اجلاس 29 فروری تک بلایا جاسکتا ہے، اجلاس بلانے کی آخری تاریخ تک کچھ دن باقی ہیں' کسی قسم کا تعطل' ڈیڈلاک نہیں' معمول کی کارروائی ہے

سیاسی جماعتوں کے درمیان مذاکرات چل رہے ہیں، آئین پاکستان خاصا جامع اور مفصل ہے، کسی قسم کا اتفاق رائے پیدا نہیں ہوتا تو آئین میں اس کا حل موجود ہے' وزیراطلاعات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نگراں وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ اگر سیاسی جماعتوں کے درمیان کسی قسم کا اتفاق رائے پیدا نہیں ہوتا تو آئین میں اس کا حل موجود ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ آئین کے تحت انتخابات کے بعد قومی اسمبلی کا اجلاس 29 فروری تک بلایا جاسکتا ہے، قومی اسمبلی کا اجلاس بلانے کی آخری تاریخ تک کچھ دن باقی ہیں اس میں کسی قسم کا تعطل اور ڈیڈلاک نہیں، یہ معمول کی کارروائی ہے۔ مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ کسی جماعت کے پاس سادہ اکثریت نہیں، سیاسی جماعتوں کے درمیان مذاکرات چل رہے ہیں، آئین پاکستان خاصا جامع اور مفصل ہے، فرض کریں کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان کسی قسم کا اتفاق رائے پیدا نہیں ہوتا تو آئین میں اس کا حل موجود ہے۔ فنکاروں سے انہوں نے کہا کہ وہ لوگ جو مختلف طرح سے لوگوں کی خدمت کرتے ہیں ان کے لیے (بقیہ نمبر 6)

لاہور، مسلم لیگ ن کی چیف آرگنائزر مریم نواز کے ساتھ ن لیگ میں شمولیت اختیار کرنیوالے آزاد رکن پنجاب اسمبلی کا گروپ فوٹو

سیٹیں بحال ہونے تک اپوزیشن میں بیٹھیں گے' ولید اقبال

جب مینڈیٹ ہمیں واپس مل جائے گا تو حکومت بنائینگے' رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر ولید اقبال نے کہا ہے کہ جب تک ہماری سیٹیں بحال نہیں ہوتیں ہم اپوزیشن میں بیٹھیں گے، جب ہمارا مینڈیٹ ہمیں واپس مل جائے گا تو حکومت بنائیں گے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قانون (بقیہ نمبر 9)

پی ٹی آئی رہنما علی ظفر کا الیکشن کمیشن حکام کو سینیٹ میں بلانے کا مطالبہ

الیکشن کمیشن حکام کو بلایا جائے اور جو مینڈیٹ چوری کیا اس کا پوچھا جائے، سینٹ میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر علی ظفر نے الیکشن کمیشن حکام کو سینیٹ میں بلانے کا مطالبہ کر دیا۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے (بقیہ نمبر 10)

نواز شریف کو یقین نہیں آتا کہ وہ ہار بھی سکتے ہیں، شہزادہ گشتاسپ

آر او نے اپنی رپورٹ جمع کرا دی ہے، این اے 15 میں شفاف انتخابات ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) این اے 15 سے نواز شریف کو شکست دینے والے شہزادہ گشتاسپ نے کہا ہے کہ نواز شریف کو یقین نہیں آتا کہ وہ ہار بھی سکتے ہیں۔ الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا (بقیہ نمبر 11)

شیر افضل مروت کیخلاف تادیبی کارروائی سے روکدیا گیا، رپورٹ طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے وفاقی وزارت داخلہ اور پولیس (بقیہ نمبر 7)

الیکشن کمیشن' شعیب شاہین کی درخواست پر سماعت آج تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن میں این اے 47 سے امیدوار شعیب شاہین (بقیہ نمبر 8)

AMDC
PAKISTAN MINERAL DEVELOPMENT CORPORATION

اسلام آباد، نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کھیوڑہ کی مصنوعات دنیا میں متعارف کرا رہے ہیں، انوار الحق کاکڑ

پاکستان انتظامیہ امور اور معاشی بحران کے حل کیلئے موثر اقدامات کر رہا ہے، پاکستان کی مائنز کے شعبہ میں کارکردگی حوصلہ افزا ہے

پاکستان وسائل سے مالا مال ملک ہے، مستقبل میں پاکستان ایک مضبوط اور ترقی یافتہ ملک کے طور میں دنیا میں اپنا مقام حاصل کریگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کا کہنا ہے کہ کھیوڑہ کی مصنوعات کو دنیا میں متعارف کرا رہے ہیں، نمک کی قدر میں اضافے سے برآمد بڑھے گی۔ اسلام آباد میں وزارت توانائی کے زیراہتمام پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن اور امریکی فرم کے درمیان ہمالیائی نمک کی قدر میں اضافے اور برآمد کے مشترکہ منصوبے کے معاہدے پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کا کہنا تھا (بقیہ نمبر 12)

گورنر شپ ہمارا حق، دستبردار نہیں ہوں گے' ایم کیو ایم نے واضح کردیا

ہم کسی دوسری جماعت کی طرح حکومت سازی کے لیے بلیک میل نہیں کریں گے، ایم کیو ایم

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان (ایم کیو ایم) نے سندھ میں گورنر شپ کے معاملے پر اپنا مؤقف واضح کردیا۔ ایم کیو ایم نے حکومت سازی میں مسلم لیگ (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد کی تینوں نشستیں جیت چکے' ہمارے پاس اصلی فارم 45 ہیں، شعیب شاہین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے ترجمان شعیب شاہین (بقیہ نمبر 14)

جوڈیشل کمپلیکس توڑ پھوڑ کیس میں فرخ حبیب کو ڈسچارج کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے جوڈیشل (بقیہ نمبر 15)

پرویز خٹک کی پارٹی خواتین کی مخصوص نشستوں سے دستبردار

پشاور (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ پرویز خٹک کی جماعت پاکستان تحریک (بقیہ نمبر 16)

WE WANT FREE KASHMIR
INDIAN DOGS GO BACK
یوم سیاہ

میونسپل کارپوریشن کوٹلی کے زیراہتمام کشمیریوں کے حق میں ریلی نکالی جارہی ہے

Punjab Population Innovation Fund

لاہور، چیف ایگزیکٹو آفیسر پی پی آئی ایف وڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب ثمن رائے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

جب آئین کہے گا اسمبلی کا اجلاس طلب کرلوں گا، گورنر خیبر پختونخوا

الیکشن ہوچکے اب تمام سیاسی جماعتوں کو مل جل کر اتفاق سے فیصلہ کرنا چاہیے

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا غلام علی نے کہا ہے کہ جب آئین کہے گا اسمبلی کا اجلاس طلب کرلوں گا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ الیکشن ہوچکے اب تمام (بقیہ نمبر 24)

گلگت بلتستان' لینڈ سلائیڈنگ، 6 اضلاع کے درمیان زمینی رابطے منقطع

ضلع شگر میں تین سے چار انچ تک برف باری سے 2 مختلف سڑکیں بند ہوگئیں

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان میں 24 گھنٹوں سے جاری برفباری اور با (بقیہ نمبر 21)

بانی پی ٹی آئی و بشریٰ بی بی کی سزا کیخلاف اپیلوں پر اعتراضات عائد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سائفر اور توشہ خانہ کیسز میں سزاؤں کے خلاف بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ (بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

علی محمد خان کا ایکس کی بندش کیخلاف عدالت جانے کا فیصلہ

جدید دور میں آمریت کے یہ پچھلی صدی کے حربے چلنے والے نہیں ہے، رہنما پی ٹی آئی

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس کی بندش کے خلاف ہائیکورٹ سے رجوع کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ علی محمد خان نے (بقیہ نمبر 19)

الیکشن میں اصل ٹرن آؤٹ 60 فیصد سے زیادہ تھا، فردوس شمیم

پارٹی میں واپس آنے والوں کو 2 سال الیکشن بھی نہ لڑنے دیں، میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فردوس شمیم نقوی نے کہا ہے کہ الیکشن میں اصل ٹرن آؤٹ 60 فیصد سے زیادہ تھا۔ میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 18)

این اے 130: الیکشن کمیشن کا نواز شریف کو نوٹس، آر او سے جواب طلب

334 پولنگ سٹیشنز کے نتائج کے مطابق یاسمین راشد 20 ہزار ووٹوں کی لیڈ سے جیت رہی تھیں، پھر رات کو ریٹرننگ افسر کو تبدیل کر دیا گیا' وکیل

کیس میں تو الیکشن کمیشن بھی جوابدہ ہے اب کیس ہم اپنے خلاف سنیں؟' ممبر ای سی پی' کیس کی مزید سماعت 27 فروری تک ملتوی کر دی گئی

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے این اے 130 لاہور سے کامیاب امیدوار نواز شریف کو نوٹس جاری کر دیا جبکہ ریٹرننگ افسر سے رپورٹ طلب کرلی۔ الیکشن کمیشن میں این اے 130 لاہور سے پی ٹی آئی رہنما یاسمین راشد کی درخواست پر سماعت ہوئی، پی ٹی آئی رہنما کے وکیل نے کہا کہ 376 میں سے 334 پولنگ سٹیشنز کے نتائج کے مطابق یاسمین راشد 20 ہزار ووٹوں کی لیڈ سے جیت رہی تھیں، پھر رات کو پولیس والے آئے اور ریٹرننگ افسر (بقیہ نمبر 27)

پنجاب پولیس کا 345 ملین روپے کی نئی گاڑیاں خریدنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس نے 345 ملین روپے کی نئی گاڑیاں (بقیہ نمبر 26)

مبینہ دھاندلی کی جوڈیشل انکوائری کیلئے سپریم کورٹ میں درخواست دائر

لاہور (این این آئی) 8 فروری کو ہونے والے الیکشن میں مبینہ دھاندلی کی جوڈیشل انکوائری کیلئے درخواست دائر کر دی گئی۔ شہری (بقیہ نمبر 25)

190 ملین پاؤنڈز ریفرنس' عمران، بشریٰ بی بی پر فرد جرم کی کارروائی پھر مؤخر

اسلام آباد (این این آئی) 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس میں بانی تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی (بقیہ نمبر 22)

امیر بالاج ٹیپو کے قتل کیس کی تحقیقات سی آئی اے کو دینے کیلئے درخواست جمع

لاہور (این این آئی) ٹیپو ٹرکاں والے کے بیٹے معصب بالاج نے اپنے بھائی امیر بالاج ٹیپو کے قتل کیس کی تحقیقات سی آئی اے کو دینے کیلئے درخواست جمع کرادی۔ معصب بالا مقدمے کا مدعی بھی ہے۔ تفتیش تبدیلی بورڈ میں سی آئی اے کو تفتیش دی جانے کا امکان ہے۔

ایف بی آر کی تنظیم نو اور ڈیجیٹلائزیشن منصوبے کو حتمی شکل دیدی گئی

منصوبے کے تحت ٹیکس ریونیو کی وصولی کو 2029 تک جی ڈی پی کے 18 فیصد تک لے جایا جائیگا

لاہور (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی ڈیجیٹلائزیشن اور تنظیم نو کے منصوبے کو وفاقی حکومت کی منظوری کے لئے حتمی شکل دیدی ہے۔ ایف بی آر کی ڈیجیٹلائزیشن اور تنظیم نو سے نئی آنے والی ایف بی آر کی اندرونی نظم ونسق (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، نگران وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ محمد سمیع سعید اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عالمی عدالت کی قانونی حیثیت تسلیم نہیں کرتے، اسرائیل

آئی سی جے کی سماعت کا مقصد اسرائیل کے حق دفاع کو نقصان پہنچانا ہے، بیان

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے عالمی عدالت انصاف کی سماعت کی قانونی حیثیت کو مسترد کردیا۔ اسرائیلی وزیراعظم کے دفتر سے جاری بیان میں کہا گیا کہ عالمی عدالت میں جاری سماعت کی قانونی حیثیت کو تسلیم نہیں کرتے۔ آئی سی جے کی سماعت کا مقصد اسرائیل کے (بقیہ نمبر 23)

نگران حکومت کے عوام کو جھٹکے، بجلی مزید مہنگی کرنے کی تیاری

سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی نے بجلی کے فی یونٹ قیمت میں 7 روپے 13 پیسے اضافے کی درخواست نیپرا میں جمع کرادی

قیمتوں میں اضافہ جنوری کی فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ کی مد میں مانگا گیا' نیپرا اتھارٹی درخواست پر 23 فروری کو سماعت کرے گی

لاہور (این این آئی) مہنگائی کی چکی میں پسے عوام پر ایک اور بجلی بم گرانے کی تیاری کی جانے گی۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی نے بجلی کے فی یونٹ قیمت میں 7 روپے 13 پیسے اضافے کی درخواست نیپرا میں جمع کرادی۔ بجلی کی قیمتوں میں اضافہ جنوری کی فیول کاسٹ ایڈجسٹمنٹ کی مد میں مانگا گیا ہے۔ نیپرا اتھارٹی درخواست پر 23 فروری کو سماعت کرے گی۔ واضح رہے کہ جنوری میں سب سے مہنگی بجلی 45 روپے 60 پیسے فی یونٹ کے (بقیہ نمبر 17)

SR. V. PRESIDENT
PRESIDENT
CHIEF GUEST
VICE PRESIDENT

لاہور، آذربائیجان کے سفیر خضر فرہاد لاہور چیمبر میں اجلاس کے بعد کاشف انور کو سوینئر پیش کر رہے ہیں

PRESS
IEFING

لاہور، ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید ملک میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

روزنامہ
DAILY MASAFAT LAHORE
مسافت
لاہور
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

(پی ٹی آئی) کے حمایت یافتہ نومنتخب آزاد ارکان کی سنی اتحاد کونسل میں شمولیت

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے حمایت یافتہ نومنتخب آزاد ارکان نے سنی اتحاد کونسل میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم قومی اسمبلی کی 180 نشستوں پر کامیاب ہوچکے ہیں، ہمارے تمام امیدواروں کے کاغذات نامزدگی میں پارٹی پی ٹی آئی لکھا تھا، قومی اسمبلی، پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیوں میں ہمارے امیدوار سنی اتحاد میں شمولیت اختیار کریں گے، الیکشن کمیشن میں خصوصی نشستوں کے لیے درخواست دائر کریں گے۔ پیر کو یہاں سنی اتحاد کونسل اور مجلس وحدت المسلمین کے رہنماؤں کے ساتھ مشترکہ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم قومی اسمبلی کی 180 نشستوں پر کامیاب ہوچکے ہیں، الیکشن میں ملک بھر سے پی ٹی آئی کے امیدوار کامیاب ہوئے ہیں، ہمارے تمام امیدواروں کے کاغذات نامزدگی میں پارٹی پی ٹی آئی لکھا تھا، ہمارے امیدواروں کو پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ کہا جاتا ہے۔ بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ قومی اسمبلی، پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیوں میں ہمارے امیدوار سنی اتحاد میں شمولیت اختیار کریں گے، ہمارا اتحاد اس ملک کے لیے ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن میں خصوصی نشستوں کے لیے درخواست دائر کریں گے، الیکشن کمیشن میں امیدواروں کی پارٹی میں شمولیت کے دستاویز جمع کروادیں گے۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عمر ایوب نے حکومت بنا کر سب سے پہلے عمران خان کی رہائی کے لیے اقدامات کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سنی اتحاد کونسل میں شمولیت کی وجہ مخصوص نشستیں حاصل کرنا ہے، ہم سنی اتحاد کونسل میں شمولیت اختیار کر رہے ہیں، قومی وصوبائی اسمبلیوں میں سنی اتحاد کونسل سے الحاق کریں گے، ہماری قومی اسمبلی میں 180 نشستیں ہیں۔ عمر ایوب نے کہا کہ ایم ڈبلیو ایم کی پی ٹی آئی کی حمایت پر شکریہ ادا کرنے کے لیے الفاظ نہیں مل رہے ہیں، میں ایم ڈبلیو ایم کا تہہ دل سے مشکور ہوں، ایم ڈبلیو ایم نے ہمیشہ پی ٹی آئی، بانی کی حمایت کی ہے رہنما پی ٹی آئی نے بتایا کہ الیکشن میں دھاندلی کر کے ہمارا مینڈیٹ چوری کیا گیا، متحدہ قومی موومنٹ پاکستان نے سندھ اور کراچی میں ہمارے مینڈیٹ پر ڈاکا ڈالا ہے، ہمارے امیدواروں کے فارم 47 تبدیل کیے گئے ہیں۔ عمر ایوب نے کہا کہ پاکستان میں فرقہ واریت نہیں بلکہ اتحاد چاہتے ہیں، ہم فرقہ واریت کے خلاف ہیں۔ سابق وزیر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان، ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی، رہنماؤں اور کارکنوں کی رہائی ہمارا ایجنڈا ہے۔ ایک صحافی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے عمر ایوب نے کہا کہ فوج ہم میں سے ہے اور ہم فوج میں سے ہیں، ملک کے دفاع کے لیے مضبوط فوج بہت ضروری ہے۔ مجلس وحدت المسلمین کے سربراہ ناصر عباس نے پریس کانفرنس میں بات کرتے ہوئے بتایا کہ ہم پی ٹی آئی پر بوجھ نہیں بنیں گے بلکہ ان کا بوجھ اٹھائیں گے، پی ٹی آئی نے سنی اتحاد سے متعلق بہترین فیصلہ کیا ہے، سنی اتحاد سے متعلق ہمارے کوئی تحفظات نہیں ہیں، ہم خوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم مل کر اس ملک کی سربلندی کیلئے جدوجہد کریں گے، انشاءاللہ پاکستان اور اس کے عوام جیتیں گے، 8 فروری کو ہارنے والے آئندہ بھی ہاریں گے، تحریک انصاف نے ڈٹ کر مقابلہ کرنے کی مثال قائم کی ہے۔ ناصر عباس نے بتایا کہ غیر آئینی طریقے سے الیکشن ملتوی کیے گئے، 8 فروری کی رات دھاندلی کی رات تھی، الیکشن بحران سے نکلنے کے لیے ہوتا ہے، نیا بحران کھڑا کرنے کے لیے نہیں۔

تھانہ سبزی منڈی پولیس کی کاروائی 02 کس پتنگ فروش گرفتار

4000 سے زائد پتنگیں اور متعدد ڈور کی گوٹیں اپنے برآمد۔

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں پتنگیں بنانے والوں، پتنگیں اڑانے اور بیچنے والوں کے خلاف کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ احکامات کے پیش نظر ڈی ایس پی کھیالی رضا حسنین کی زیرنگرانی ایس ایچ او سبزی منڈی سب انسپکٹر انس بٹ نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ دوران گشت وناکہ بندی مخبر خاص کی اطلاع پر اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دو کس ملزمان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے چار ہزار سے زائد مختلف رنگوں کی پتنگیں اور متعدد ڈور کی گوٹیں اپنے برآمد کر لیے۔ دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ بیرون اضلاع سے پتنگیں اور ڈوریں خرید کر گوجرانوالہ لاتے اور بعد ازاں گوجرانوالہ کے مختلف علاقوں میں پتنگ بازی کا سامان فروخت کرتے۔ ملزمان کے خلاف قانونی کاروائی جاری۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ انسانی جانوں کی حفاظت ضلعی پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، پتنگ بازی جان لیوا کھیل اور معصوم جانوں کا قتل عام ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پتنگیں اڑانے اور بیچنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں ان کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

چوہدری بلال اعجاز ایم این اے سنی اتحاد کونسل میں شامل ہوگئے

ہمیشہ عمران خان کے ساتھ کھڑا رہوں گا میں نے اپنی پارٹی اور حلقہ کی عوام سے جو وعدہ کیا تھا

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) چوہدری بلال اعجاز ایم این اے سنی اتحاد کونسل میں شامل ہوگئے تفصیلات کے مطابق چوہدری بلال اعجاز ممبر قومی اسمبلی حلقہ این اے 81 نے اپنے حلف کی پاسداری کرتے ہوئے اور عوام کے ووٹ کا حق ادا کرتے ہوئے بانی پاکستان تحریک انصاف سابق وزیر اعظم عمران خان کے حکم کے مطابق سنی اتحاد کونسل میں شمولیت اختیار کر لی ہے اس موقع پر نومنتخب ایم این اے چوہدری بلال اعجاز نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمیشہ عمران خان کے ساتھ کھڑا رہوں گا میں نے اپنی پارٹی اور حلقہ کی عوام سے جو وعدہ کیا تھا اس کو پورا کر دیا ہے

کمشنر لیاقت چٹھہ کا بیان پی ٹی آئی کی سازش کا حصہ، شاہد اقبال

تحریک انصاف 35 پنکچر کی طرح حالیہ دھاندلی کے الزامات پر بھی یوٹرن لے گی

کمالیہ (نامہ نگار) کمشنر لیاقت چٹھہ کا بیان پی ٹی آئی کی سازش کا حصہ: شاہد اقبال۔ مسلم لیگ کے رہنما شیخ شاہد نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ تحریک انصاف 35 پنکچر کی طرح حالیہ دھاندلی کے الزامات پر بھی یوٹرن لے گی، جھوٹے الزامات اور افواہوں سے انتشار پھیلانا اس کا ایجنڈا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمشنر لیاقت چٹھہ کا بیان پی ٹی آئی کی سازش کا حصہ ہے 70 ہزار سے ہارنے والوں کو 50 ہزار کی برتری دلانا یعنی ایک حلقہ میں ایک لاکھ 20 ہزار کی دھاندلی سمجھ سے بالاتر ہے، دوسرا کمشنر صاحب کا انتخابی عمل میں کوئی کردار نہیں تھا، پی ٹی آئی احتجاجی سیاست کی آڑ اور جعل سازی کے ذریعے مسلم لیگ (ن) کا عوامی مینڈیٹ چرانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمشنر لیاقت چٹھہ کے بیان کی مکمل تحقیقات ہونی چاہیے۔ اور اس سازش کے کرداروں کو عبرتناک سزا دی جائے

اسسٹنٹ کمشنر غزالہ یاسین چدھڑ کی غیر قانونی کنڈوں کے خلاف کاروائیاں، کنڈے سیل سمیت بھاری جرمانے

کمالیہ (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر غزالہ یاسین چدھڑ کی غیر قانونی کنڈوں کے خلاف کاروائیاں، کنڈے سیل سمیت بھاری جرمانے.... تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر غزالہ یاسین چدھڑ نے تحصیل کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی کنڈوں اور ناپ تول میں کمی کرنے والے افراد کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے مختلف کنڈا مالکان کو بھاری جرمانے عائد کیے اور ایک کنڈا سیل بھی کیا۔ اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر غزالہ یاسین چدھڑ نے کہا کہ غیر قانونی کنڈوں کی شکایات موصول ہوئیں جو بلا منظوری چلائے جا رہے تھے اس کے علاوہ ناپ تول میں کمی بھی کی جا رہی تھی جس پر کاروائی کرتے ہوئے متعدد کنڈوں کو جرمانہ اور ایک کو سیل کر دیا گیا ہے

ننکانہ صاحب کے مشہور ومعروف ثناخوان مصطفے حافظ وقاری محمد آصف جمال قادری ننکانہ نعت کونسل کے صدر منتخب

ننکانہ صاحب (حکیم ریاض احمد) ننکانہ صاحب کے مشہور ومعروف ثنا خوان مصطفے حافظ وقاری محمد آصف جمال قادری ننکانہ نعت کونسل کے صدر منتخب تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ننکانہ نعت کونسل کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ننکانہ صاحب کے قراء اور تمام معروف جید ثنا خوانان مصطفے نے شرکت کی اس دوران متفقہ طور پر ننکانہ صاحب کے مشہور ومعروف ثنا خوان مصطفے حافظ وقاری محمد آصف جمال قادری کو ننکانہ نعت کونسل کا صدر منتخب کیا گیا جس کو ننکانہ صاحب کی تمام مذہبی وسماجی تنظیموں، مرکزی انجمن تاجران کے نمائندوں نے مبارک باد پیش کی اور نیک تمناں کا اظہار کیا۔

پنجاب ملک غلام جیلانی آڑھتی نے کھنڈرات میں تبدیل ہوتی احمد پور سیال کے مشرق میں قیام پاکستان سے بھی پہلے کی حسین یادگار گردوارہ سنگھاں والا کاوزٹ

احمد پور سیال (تحصیل رپورٹر) ضلعی صدر جماعت الصالحین پاکستان اور سابق وائس چیئرمین بین المذاہب امن کمیٹی پنجاب ملک غلام جیلانی آڑھتی نے کھنڈرات میں تبدیل ہوتی احمد پور سیال کے مشرق میں قیام پاکستان سے بھی پہلے کی حسین یادگار گردوارہ سنگھاں والا کا وزٹ کیا۔ انہوں نے 1910 میں تعمیر کیے جانے والے اس گردوارہ کو فن تعمیر کا نادر نمونہ قرار دیا جس کی بناوٹ میں پانی والی ٹائل استعمال اور سرخی چونے کے ساتھ چنائی کی گئی۔ مربع شکل کے اس گردوارے کو اندر سے دیکھ کر بھی ملک غلام جیلانی دنگ رہ گئے اور اینٹوں کی تراش خراش کر کے گولائی میں بنائی جانے والی چھت کو دیکھ کر کاریگروں کی تعریف کیے بغیر نہیں رہ سکے۔ انہوں نے گردش زمانہ کی بھینٹ چڑھتی اس تاریخی عمارت پر توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا

پنجاب ایگزامینیشن کمیشن کی طرف سے احمد پور سیال کے تمام سرکاری ونجی تعلیمی اداروں کے طلبہ وطالبات کا استعداد کار جانچنے اور ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو پرکھنے کے لئے لارج سکیل اسیسمنٹ ٹیسٹ جاری

احمد پور سیال (تحصیل رپورٹر) پنجاب ایگزامینیشن کمیشن کی طرف سے احمد پور سیال کے تمام سرکاری ونجی تعلیمی اداروں کے طلبہ وطالبات کا استعداد کار جانچنے اور ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو پرکھنے کے لئے لارج سکیل اسیسمنٹ ٹیسٹ جاری ہیں جو 23 فروری تک جاری رہیں گے۔ اے بی اکیڈمک فاؤنڈیشن سکول میں ملک محمد رمضان راں، ملک خلیل الرحمٰن راں اور ملک جلیل الرحمٰن راں نے ٹیسٹ لیا۔ پنجاب ایگزامینیشن کمیشن کی طرف سے تعینات ٹیسٹ ایڈمنسٹریٹر جلیل الرحمٰن نے بتایا کہ پنجاب ایگزامینیشن کمیشن کی طرف سے مختلف لیول پر اس بات کا جائزہ لینا ہے کہ کیا بچہ سلیبس کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ کلاس دوم تا ہفتم کے طلبہ وطالبات کا ہی ٹیسٹ لیا جا رہا ہے جبکہ کلاس چہارم اور ہشتم کو اس ٹیسٹ سے استثنیٰ حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ لارج سکیل اسیسمنٹ پنجاب ایگزامینیشن کمیشن حکومت پنجاب کا ایک مستحسن اقدام ہے جس کے دور رس نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔ اس موقع پر سکول کے پرنسپل ملک مجاہد عباس جواد بھی موجود تھے۔

سرائے مغل میں دوران واردات شہری کے قتل پر عوام سراپا احتجاج

نومنتخب ایم این اے رانا محمد حیات خاں کی مقتول کے گھر آمد

پھولنگر (ضیغم نقوی) پھول نگر کے نواحی گاں سرائے مغل میں گزشتہ روز دوران ڈکیتی مزاحمت پر ڈاکوں نے عبدالرشید نامی شخص کو فائر مارے جو موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا تھا۔ واردات تھانہ سرائے مغل اور تھانہ صدر پھولنگر کی سرحدی حدود کے قریب انجام پائی۔ جس کے بعد ڈیڑھ گھنٹہ تک پولیس صرف یہ ہی تحقیقات کرتی رہی کہ اس واقعہ پر کاروائی کس تھانہ کی پولیس نے کرنی ہے اور جبکہ ڈیڈ باڈی سڑک کنارے پڑی رہی۔ قتل کی واردات اور پولیس کے غیر مناسب رویہ پر سرائے مغل کی عوام میں شدید غم وغصہ پایا جا رہا ہے۔ عوام پولیس کی کارکردگی سے مطمئن نظر نہیں آرہی۔ آج نومنتخب ممبر قومی اسمبلی رانا محمد حیات خاں متاثرہ خاندان کے گھر اظہار تعزیت کے لیے پہنچے۔ رانا محمد حیات خاں کو لوگوں نے پولیس کے نامناسب رویے اور روز بہ روز بڑھتی وارداتوں بارے آگاہ کیا۔ رانا محمد حیات خاں نے DSP سرکل چوکی، SHO سرائے مغل اور SHO صدر پھولنگر کو ملزمان کی گرفتاری کے لیے 7 دن کا الٹی میٹم دیتے ہوکہا کہ اگر ملزمان گرفتار نہ ہوئے تو دونوں تھانوں کے ایس ایچ او حوالات میں بند ہونگے۔ رانا محمد حیات خاں نے مزید کہا کہ اگر چوکی میں اسی طرح ڈکیتیاں اور قتل ہوتے رہے تو عوام کو میاں نواز شریف کو ووٹ دینے کا کوئی فائدہ نہیں۔ رانا محمد حیات خاں کی پولیس کو وارننگ دینے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ عوام کی جانب سے ایم این اے کے اس رویہ کو خوب پذیرائی مل رہی ہے

درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے، ڈپٹی کمشنر ننکانہ چوہدری محمد ارشد

شجرکاری مہم کو کامیاب بنانے کے لیے ہر فرد کو اپنے حصے کا پودا لگا کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

ننکانہ صاحب (غلام سرور) درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے، شجرکاری مہم کو کامیاب بنانے کے لیے ہر فرد کو اپنے حصے کا پودا لگا کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ چوہدری محمد ارشد تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد نے کہا کہ موسم بہار کی شجرکاری مہم کا آغاز مارچ کے پہلے ہفتے میں کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کے تمام اداروں سمیت ہر شہری کو پودے لگا کر کلین اینڈ گرین پاکستان پروگرام کو کامیاب بنانا ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد نے بتایا کہ درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے، موسم بہار کے دوران ضلعی انتظامیہ کی طرف سے شجرکاری مہم کے دوران لاکھوں پودے لگائے جائیں گے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اپنے ملک اور شہر کو سرسبز وشاداب بنانے کے لیے اس قومی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ہوگا اور اپنے حصے کے پودے لگانا ہونگے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ شجرکاری مہم کے دوران ضلع کے تمام سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کے اساتذہ اور طلبا سکول یا اپنے گھروں میں ایک ایک پودا ضرور لگائیں، پودوں کی حفاظت اور نشوونما بھی یقینی بنائیں

الف لام میم میرج لان میں جمعیت علمائے اسلام (س) کی طرف سے پریس کانفرنس کی گئی

مچن آباد (تحصیل رپورٹر) الف لام میم میرج لان میں جمعیت علمائے اسلام (س) کی طرف سے پریس کانفرنس کی گئی جس میں علامہ محمد رفیق، مولانا محمد اعظم، مولانا نعل محمد وٹو، مولانا محمد یونس حنفی، مولانا محمد آصف معاویہ، قاری عبد الوحید، حافظ محمد زبیر ندیم، قاری شاہ زیب فاروقی، حافظ محمد بلال، چوہدری محمد اختر، میاں محمد منشا میانہ، حافظ محمد ارشد، مولانا غلام رسول کسرا اور دیگر نے شرکت کی میڈیا سے گفتگو کرتے ہو جمعیت علما اسلام (س) مچن آباد کے تحصیل صدر علامہ محمد رفیق کا کہنا تھا کہ ملک میں حالیہ انتخابات کے بعد ملک دشمن قوتیں انتشار پھیلا رہی ہیں، عوام نے جن نمائندوں کو مینڈیٹ دیا ہے اسکا احترام کرتے ہوئے حکومت سازی کا موقع دیا جائے اور ملکی معیشت کو مضبوط بنایا جائے تا کہ ملک میں مہنگائی کا خاتمہ ہو سکے، ملک پاکستان کو جس کلمہ کی بنیاد پر بنایا گیا تھا اسی کلمہ کے قانون کو نفاذ ہو، 1973 کا آئین ہی پاکستان کی بقا کا ضامن ہے اور اسی سے ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے، جمعیت علما اسلام (س) کی طرف سے تمام سوشل میڈیا ورکرز سے اپیل کی گئی کہ ملک میں انتشار نہیں محبت پھیلائیں تاکہ ملک ترقی کے صحیح راستے پر گامزن ہو سکے اس موقع پر افواج پاکستان کی خدمات کو سراہا گیا

اورینٹل ماڈل ہائی سکول سول لائنز ملک انور روڈ نورالامین کالونی شیخوپورہ میں الفجر ٹرسٹ آئی ہسپتال کی جانب سے ایک روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا

فوٹو شیخوپورہ (ڈویژنل بیورو چیف) اورینٹل ماڈل ہائی سکول سول لائنز ملک انور روڈ نورالامین کالونی شیخوپورہ میں الفجر ٹرسٹ آئی ہسپتال کی جانب سے ایک روزہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس کے آرگنائزر اورینٹل ماڈل ہائی سکول کے پرنسپل شہباز احمد خان اور وقار عالم تھے آئی کیمپ میں 650 سے زاہد مریضوں کا فری چیک اپ کر کے ساتھ ساتھ ان کو فری میڈیسن اور عینکیں بھی دی گئی کیمپ کے اس موقع پر الفجر ٹرسٹ آئی ہسپتال کے سرپرست اعلی ملک نصیر الدین، چیئرمین محمد عمران، صدر اکرم مبارک، نائب صدر عمر سعید، جنرل سیکرٹری وقاص احمد، نائب جنرل سیکرٹری ظہیر حسین، اکاؤنٹنٹ عمر ایوب، نشرو اشاعت شاہد صدیق، سمیت سینئر آئی ڈاکٹر اور پیرا میڈیکل سٹاف نے بھی اپنی خدمات سرانجام دیں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شہباز احمد خان، اور وقار عالم نے بتایا کہ ان جیسے فری کیمپس لگوانیکا مقصد خالصتا مخلوق خدا کی خدمت کرنا ہے مہنگائی کے اس دور میں جو غریب آدمی اپنا علاج معالجہ نہیں کروا سکتا وہ ان جیسے مختلف قسم کے فری میڈیکل کیمپوں میں آ کر اپنا فری چیک اپ کروا سکتا ہے اور فری میڈیسن بھی حاصل کر سکتا ہے آخر میں الفجر ٹرسٹ آئی ہسپتال کے چیئرمین محمد عمران نے میڈیا کو بتایا کہ الحمدللہ شیخوپورہ کے مختلف علاقوں میں الفجر کی جانب سے ابھی تک 41 فری آئی کیمپ لگائے جا چکے ہیں جس میں غریب لوگوں کے ساتھ ساتھ سفید پوش لوگ بھی مستفید ہو رہے ہیں اور انشاءاللہ یہ انسانیت کی خدمت کا جذبہ جاری وساری رہے گا

مقتدر قوتیں ہوش اور عقل کے ناخن لیں عمران خان کی قیادت میں جو جمہوری انقلاب آ رہا ہے، پیر سید ارشد ہاشمی

شیخوپورہ (ڈویژنل بیورو چیف) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما وسینئر سیاستدان پیر سید ارشد ہاشمی نے کہا ہے کہ مقتدر قوتیں ہوش اور عقل کے ناخن لیں عمران خان کی قیادت میں جو جمہوری انقلاب آ رہا ہے اس کو من وعن تسلیم کریں پی ٹی آئی کے ساتھ دھونس دھاندلی اور ظلم وزیادتی بند کی جائے منتخب اراکین اسمبلی کے گھروں پر چھاپے گرفتاریاں اور خواتین کی بے حرمتیاں جو پچھلے اڑھائی سال سے جاری ہے اس کو فوری طور پر بند کیا جائے انہوں نے کہا کہ شیخوپورہ میں بھی پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ نومنتخب ایم این اے خرم شہزاد ورک اور نومنتخب ایم پی اے طیاب راشد سندھو کو بھی ہراساں کیا جا رہا ہے اس کی جتنی مزاحمت کی جائے کم ہے ان خیالات کا اظہار پیر سید ارشد ہاشمی نے میٹ دی پریس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا مزید کہا کہ اداروں کو چاہیے کہ عوام کی آوازیں سنیں اور اس پر کان دھرے اور ٹھنڈے دلوں دماغ سے سوچیں اور سمجھیں ملک کی سالمیت کے ساتھ کھلواڑ بند کریں دنیا میں پاکستان کا مذاق بنایا جا رہا ہے مولانا فضل الرحمٰن کہ بیان کے بعد سائفر کیس ختم ہو جاتا ہے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ یہ جو پی ڈی ایم ٹو کی حکومت بنوائی جا رہی ہے اس کو کوئی تسلیم نہیں کرے گا اس سے ملک میں عدم استحکام عوام میں بے چینی اور افراتفری پیدا ہوگی عمران خان قوم کا حقیقی لیڈر ہے اس کے علاوہ ملک کو کوئی نہیں چلا سکتا یہ فوج ہماری ہے اور پاکستان بھی ہمارا ہے یہ تاثر ختم ہونا چاہیے کہ اس ظلم وزیادتی میں پاک فوج ان کی سہولت کار ہے کمشنر راولپنڈی کہ بیان کے بعد کوئی گنجائش نہیں رہتی کہ عمران خان کا مینڈیٹ چوری کیا گیا ہے کمشنر راولپنڈی کی اسٹیبلشمنٹ پر چیف جسٹس کو فوری طور پر میڈیا پر آ کر اس کا جواب نہیں دینا چاہیے تھا چیف جسٹس جوڈیشل انکوائری کروا کر اپنا نقطہ نظر وہاں پیش کرتے انہوں نے کہا کہ جو بھی بینچ بنے چیف جسٹس کو اس بینچ کا حصہ نہیں بننا چاہیے

بچوں کو تخلیقی اور جدت پسند سوچ دیں جدید تقاضوں کے مطابق مہارتیں سیکھنے سے کامیابی طلبہ کا مقدر ہوگی، احمر مصطفی بھٹی

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) بچوں کو تخلیقی اور جدت پسند سوچ دیں جدید تقاضوں کے مطابق مہارتیں سیکھنے سے کامیابی طلبہ کا مقدر ہوگی، نیو وژن ایجوکیشنل سسٹم اسی سوچ کی عکاسی کرتا ہے، جس میں بچے کی تعلیم کیساتھ تربیت پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے، بچے سکول میں چھ جبکہ کے والدین کے پاس 18 گھنٹے رہتے ہیں طلبا وطالبات کو زندگی میں کامیاب بنانے کیلئے والدین اور اساتذہ کو مل کر کوشش کرنا ہوگی، ہمیں اپنے بچوں کو مسلم امت کا درد دل دینا ہوگا، والدین کو بچوں سے گہرا تعلق بنانا ہوگا پھر ہی تعلیم کے ساتھ تربیت بھی ممکن ہے، ان خیالات کا اظہار چیئرمین ادارہ احمر مصطفیٰ بھٹی، پروفیسر غلام رسول عدیم، حافظ محمد فیاض، پروفیسر مہر ساجد شاد، ڈاکٹر عفان، پرنسپل مسز سمیرا ریحان، مہوش لیاقت، مہوش طارق نے نیو وژن ایجوکیشنل سسٹم، بلال کیمپس گارڈن ٹاؤن کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا، تقریب میں بچوں نے سلام پاکستان، والدین اور اساتذہ کی عظمت، ہم ہیں سپاہی پاکستان کے، سوشل میڈیا کے نقصانات اور مزاحیہ ٹیبلوز پیش کیے جسے وہاں موجود والدین کی بڑی تعداد نے خوب سراہا، بچوں نے مختلف موضوعات پر تقاریر بھی کیں اور نظمیں ملی نغمے بھی پیش کیے، آخر میں تمام پوزیشن ہولڈر طلبا وطالبات میں شیلڈز تعارفی سرٹیفکیٹس ودیگر انعامات تقسیم کیے گئے

پاکستان کی سب سے زیادہ مقبول جماعت کو دیوار سے لگانے کے باوجود پاکستان تحریک انصاف نے ملک بھر میں سب سے زیادہ نشستیں جیت کر ثابت کر دیا

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) پاکستان کی سب سے زیادہ مقبول جماعت کو دیوار سے لگانے کے باوجود پاکستان تحریک انصاف نے ملک بھر میں سب سے زیادہ نشستیں جیت کر ثابت کر دیا پاکستان تحریک انصاف آج بھی ملک بھر کی سب سے زیادہ مقبول جماعت ہے پاکستان تحریک انصاف پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے ملک بھر میں کامیابی حاصل کی ہے حلقہ این اے 81 رانا بلال اعجاز۔ اور پی پی 68 میں میاں محمد ارقم خان کی کامیابی پر مبارک باد پیش کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف یونین کونسل تھتیانوالی کے رہنما رانا شبیر احمد نمبردار سابقہ ناظم یونین کونسل تھتیانوالی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان نیازی کو جھوٹے من گھڑت مقدمات میں جیل میں بند کر دیا گیا سیاسی راہنماؤں پر بھی جھوٹے مقدمات بنائے گئے جس کی وجہ سے پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدوار رانا بلال اعجاز اور میاں محمد ارقم خاں کو حلقہ میں کمپین بھی نہیں کرنے دی گئی نہ کوئی جلسے کرنے دیے گئے بلے کا نشان تک چھین لیا گیا اشتہار تک اتار دیے گئے یہ سب کچھ کرنے کے باوجود عوام ظلم کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہوگئے ملک بھر کی طرح نوشہرہ ورکاں حلقہ این اے 81 حلقہ پی پی 68 اور پی پی 69 پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدواروں پر اعتماد کرتے ہوئے بھر پور طریقے سے ووٹ کاسٹ کر کے ثابت کر دیا کہ اب پاکستانی عوام ایک قوم بن چکی ہے تحریک انصاف کے حمایت یافتہ امیدوار حلقہ این اے 81 کے امیدوار چوہدری بلال اعجاز احمد خاں کو اور حلقہ پی پی 68 کے امیدوار میاں محمد ارقم خاں بھاری اکثریت سے جیت گے موجودہ الیکشن پاکستان کی تاریخ کے بدترین الیکشن ہیں۔ ہزاروں سے ہمارے امیدوار جیت رہے تھے جن کو ہار میں بدلہ دیا۔ رانا بلال اعجاز اور میاں محمد ارقم خان کی کامیابی پر مبارک باد پیش کرتے ہیں

حضرت امیر عبدالقدیر اعوان مدظلہ العالی شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ وسربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کی والدہ ماجدہ جو گزشتہ رات انتقال فرما گئیں تھیں

ڈسکہ (محمد بلال سے) حضرت مولانا امیر محمد اکرم اعوان کی زوجہ محترمہ اور حضرت امیر عبدالقدیر اعوان مدظلہ العالی شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ وسربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کی والدہ ماجدہ جو گزشتہ رات انتقال فرما گئیں تھیں ان کی نماز جنازہ مرکز دار العرفان منارہ میں ادا کی گئی حضرت جی مدظلہ العالی کی والدہ ماجدہ نے اپنی ساری زندگی سلسلہ عالیہ کی خدمت میں گزاری اور ان کے شب وروز عبادات سے مزین تھے نماز جنازہ میں علاقہ بھر سے سیاسی، سماجی وعسکری شخصیات کے علاوہ زندگی کے ہر پہلو سے تعلق رکھنے والے افراد کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی اور حضرت امیر عبدالقدیر اعوان مدظلہ العالی سے گہرے دکھ کا اظہار کیا ان کے علاوہ ایم پی اے حیدر سلطان چکوال، تنویر اسلم سیتھی ایم پی اے، ملک صفدر اعوان چیف آف اعوان، ملک مظہر اعوان سینئر زمہ دار تنظیم الاخوان بھی شامل تھے اور سلسلہ عالیہ کے ذمہ داران نے بھی شرکت کی جن میں حکیم عبدالماجد جنرل سیکرٹری تنظیم الاخوان پنجاب، محمد ارشد مرکزی زمہ دار اور صاحب مجاز راولپنڈی، محمد شیراز صدر تنظیم الاخوان ملتان، امجد اعوان محمود سیکرٹری انفارمیشن تنظیم الاخوان پاکستان بھی شامل تھے

بعدالت جناب محترم نصر محمود گوندل صاحب سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ عبدالمجید ولد محمد ابراہیم بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو وغیرہ اشتہار بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو واپڈا A / 22 کوئنز روڈ لاہور، ڈپٹی مینجر آپریشن لیسکو واپڈا ڈویژن چونیاں، آر۔او۔ واپڈا لیسکو واپڈا چونیاں، اسسٹنٹ منیجر واپڈا لیسکو سب ڈویژن کنگن پور تحصیل چونیاں ضلع قصور (مدعا علیہم) ہرگاہ مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 21-02-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب حق نواز وٹو صاحب سول جج/جج گارڈین جج کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: غلام زہرہ بنام بشیر احمد دعوی خرچہ نان ونفقہ دعوی خرچہ نان ونفقہ میں بشیر احمد ولد نواز قوم بلوچ ساکن موضع کوہال خورد تحصیل کمالیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 28-02-2024 کو صبح 9 بجے حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع منصور سیال تحصیل وضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفی) محمد صدیق ولد شاہ بیگ قوم سیال حسوآنہ کے وارثان صابن، شاہ بیگ والدین پہلے فوت شد۔ کلثوم بی بی بیوہ زندہ۔ اعظم صدیق پسر زندہ ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

بعدالت جناب محترمہ فوزیہ رضوان صاحبہ سول جج وزیرآباد

درخواست زیر دفعہ 25 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ عنوان۔ فیض الحسن بنام الفت بتول وغیرہ اشتہار بنام۔ الفت بتول دختر سید عباس علی قوم سید ساکن حسن والی تحصیل علی پور چٹھہ ضلع وزیرآباد۔ فروا دختر سید عباس علی قوم سید ساکن حسن والی تحصیل علی پور چٹھہ ضلع وزیرآباد۔ ارادیہ بتول نابالغہ بذریعہ مسئول علیہا نمبر 2 خالہ حقیقی ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 22-02-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ عظمیٰ اسلم صاحبہ سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ عبدالرشید ولد محمد ابراہیم بنام چیئر مین واپڈا وغیرہ اشتہار بنام چیئر مین واپڈا، واپڈا ہاؤس، شاہراہ قائد اعظم لاہور، ایکسین واپڈا لیسکو چونیاں ڈویژن تحصیل چونیاں ضلع قصور، ریونیو آفیسر لیسکو سب ڈویژن چونیاں ایسٹ تحصیل چونیاں ضلع قصور، S D O واپڈا (لیسکو) سب ڈویژن چونیاں ایسٹ تحصیل چونیاں ضلع قصور (مدعا علیہم) ہرگاہ مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 22-02-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب سمیعہ اسد صاحبہ ADJ سیالکوٹ

اپیل زیر دفعہ 96 عنوان چوہدری عبدالخالق نارو ایڈووکیٹ بنام محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن وغیرہ اشتہار بنام 1 محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بذریعہ ETO سیالکوٹ 2 چوہدری بشیر احمد ولد چوہدری غلام نبی ساکن کاکے والی ڈاکخانہ صدر تحصیل وضلع سیالکوٹ (متوفی) بذریعہ وارثان 2A تنویر احمد ولد چوہدری بشیر احمد 2B نجمہ بی بی بیوہ محمد جاوید 2C عظمیٰ نوید بیوہ محمد نوید ساکن کاکیوالی تحصیل وضلع سیالکوٹ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام رسپانڈنٹ علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر رسپانڈنٹ علیہ تاریخ 27-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہو گا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب جج منصور احمد صاحب فیملی جج جڑانوالہ

عنوان:۔ شاہین شہزادی بنام ذیشان علی اشتہار اخبار بنام ذیشان علی ولد محمد یوسف سکنہ غلام محمد آباد گلی نمبر 8 محلہ رحمت ٹاؤن فیصل آباد۔ دعویٰ:۔ تنسیخ نکاح وخرچہ نان ونفقہ ووالپسی سامان جہیز۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 21-02-2024 کو بوقت صبح 09:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا آج میرے بدستخط وثبت مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب محمد عکرمہ صاحب فیملی کورٹ شکرگڑھ

شبانہ کوثر بنام محمد عبیداللہ دعوی خرچہ نان ونفقہ محمد عبیداللہ ولد عبدالغفور زات گوجر ساکن پنڈوری حال مقیم قاسم پورہ بھٹی چک تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 4.3.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب محمد عکرمہ صاحب جج فیملی کورٹ شکرگڑھ

زبیدہ بیگم بنام شہزاد علی دعوی دلاپانے خرچہ نان ونفقہ شہزاد علی ولد محمد اکرم قوم گوجر ساکن باہوالی تحصیل شکرگڑھ ضلع نارووال آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 5.3.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب محمد عکرمہ صاحب جج فیملی کورٹ شکرگڑھ

آرزو بنام محمد عرفان دعوی تنسیخ نکاح محمد عرفان ولد محمد بوٹا قوم اعوان ساکن 218/EB تحصیل وضلع وہاڑی آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 6.3.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

گمشدہ کاغذات

موٹر سائیکل میری گاڑی موٹر سائیکل ہنڈا CD70 کے اصلی کاغذات مورخہ 8.2.2024 کو علاقہ کچہری روڈ سیالکوٹ میں گم ہو گئے ہیں جس کا رجسٹریشن نمبر stm 192503 انجن نمبر B 93099 چیسی نمبر JB 733607 ہمیاں یوسف ولد نور حسن سکنہ ناصر روڈ محلہ لاہوری شاہ سیالکوٹ

عاق نامہ

میں اپنے بیٹے دلشاد عرف حماد کو بوجہ نافرمانی اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں، کے کسی بھی قول فعل لین دین کا زمہ دار نہ ہوں، غلام مصطفیٰ ولد نواب دین معراج پورہ جنڈیالہ روڈ شیخوپورہ

گمشدگی کاغذات

میں یوسف علی ولد امانت علی بزریعہ اخبار ہذا اشتہار کر رہا ہوں کہ میری سند پنجاب میڈیکل فیکلٹی جس کی رجسٹریشن نمبر OTT -34403-2014 ہے جو کہ مورخہ 13/2/2024 کو دوران سفر علاقہ سوتر مل مناواں لاہور میں گم ہو گئیں ہیں جس کسی کو ملی اس پتہ پر پہنچا دے یا فون نمبر پر اطلاع کر دیں 0341-0728014 ایڈریس: سکنہ موضع حسو کے تحصیل تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد۔

اطلاع برائے عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ جائیداد نمبری BIII-3S-1/RH واقع اندرون موری گیٹ قصور ہے۔ مکان زیر آمدہ جگہ تعدادی 5-مرلے جو کہ ریکارڈ PTI میں شیخ عبدالرؤف ولد عبدالرشید کے نام درج ہے۔ اب اس مالک سے مسمی علی صابر ولد شیخ عبدالرؤف نے بروئے اقرار نامہ معاہدہ بیع نمبر PB-KSR-7C5740A6FC565540 مورخہ 08-02-2020 کو خرید کر لی ہے۔ قبضہ پراپرٹی معہ حقوق داخلی خارجی حاصل کر لیئے ہیں جائیداد مذکورہ کی نسبت کوئی قانونی چارہ جوئی یا کوئی تنازعہ یا زیر بار نہ ھے۔ اب علی صابر نے ریکارڈ PTI میں اپنے نام کے اندراج کی غرض سے دفتر زیر دستخطی میں درخواست گذاری ھے۔ لہذا اس کے نام منتقلی پر کسی فریق۔ عوام الناس کسی بنک یا ادارہ۔ یا کوئی دیگر وارث ہو تو معہ ثبوت کیساتھ سات یوم کے اندر۔ اندر اپنا عذر واعتراض حاضر ہو کر داخل کرے۔ بعد ازیں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ المشتہر: ڈسٹرکٹ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر (پراپرٹی) اسیسنگ اتھارٹی نزد ٹیل قلعہ گڑھی قصور......

بعدالت جناب رحمان الٰہی صاحب فاضل سول جج شیخوپورہ

مہدی حسن بنام صوبہ پنجاب وغیرہ صوبہ پنجاب بذریعہ ڈسٹرکٹ کلکٹر ضلع شیخوپورہ، تحصیلدار صفدرآباد ضلع شیخوپورہ، پٹواری حلقہ چک نمبر 2/RB صفدرآباد ضلع شیخوپورہ، نذیر حسین متوفی (پسر محمد شریف) بذریعہ شرعی وارثان، شہیلہ نذیر، معصومہ نذیر، زومر فاطمہ، رومیل دختران، محمد حبیب، زوفیر پسران، ثمراہ نذیر بیوہ نذیر حسین اقوام چڈھر ساکنان ملے بلند چک نمبر 2/Rb تحصیل صفدرآباد ضلع شیخوپورہ، پروین اختر، بلقیس فاطمہ دختران محمد شریف، غلام زہراں دختر محمد شریف متوفیہ بذریعہ وارثان، بابر علی پسر، نبیلہ، غزالہ، کہکشاں، بشریٰ دختران غلام زہراں (عابد حسین متوفی)، عابد حسین متوفی ولد فیض احمد بذریعہ وارثان حقیقی، نورین عابدہ بیوہ، کرن عابد، ارم عابد دختران، علی رضا پسر عابد حسین، کوثر بی بی دختر فیض احمد متوفیہ بذریعہ وارثان، اشتیاق احمد، اشفاق احمد، شہزاد احمد پسران سلمیٰ بی بی، صائمہ بی بی، بشریٰ بی بی دختران (وارثان جنت بی بی متوفیہ نمبران 8A تا 9Ft) اقوام چڈھر ساکنان چک نمبر 2/RB ملے بلند تحصیل صفدرآباد ضلع شیخوپورہ، شفیق الرحمٰن ولد غلام رسول قوم جٹ ساکن دنی دیو ضلع نارووال، ارشد محمود، محمد زمان، قمر زمان پسران محمد عارف اقوام جگ ساکنان چھاپانوالی تحصیل صفدرآباد ضلع شیخوپورہ مرمعہ دعوی استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 27-02-2024 بوقت 8 بجے حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازیں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت رب نواز ڈب تحصیلدار تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع مگھیانہ چک کچہ تحصیل وضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفی) شہادت ولد دوست محمد کے وارثان دوست محمد والد پہلے فوت شد۔ مسرت بی بی (طلاق شدہ بیوی زندہ)۔ صوفیہ دختر زندہ۔ سلطان احمد برادر پہلے فوت شد۔ آسیہ بی بی، شازیہ زندہ دختران سلطان احمد۔ خان محمد چچا متوفی پہلے فوت شد کے وارثان سیف اللہ بعد فوت شد، غلام اللہ بعد فوت شد، محمد جعفر زندہ، ظفر اقبال زندہ پسران خان محمد ہیں اور محمد عبداللہ چچا متوفی پہلے فوت شد کے وارثان میں شیر محمد، امیر احمد پسران پہلے فوت شد، مرید فاطمہ دختر زندہ اور عطاء محمد (چچا متوفی) پہلے فوت شد کے وارثان میں محمد فیروز پسر زندہ، محمد اکبر پسر پہلے فوت شد، عمر دراز پسر زندہ، پروین بی بی دختر زندہ ہیں جبکہ محمد نواز (چچا متوفی) پہلے فوت شد کے وارثان میں محمد اجمل پسر پہلے فوت شد، سرفراز پسر پہلے فوت شد، شہناز بی بی، ہمینہ بی بی دختران زندہ ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

بقیہ بقیہ جات 1

کیے تھے۔ ذوالفقار علی بھٹو ریفرنس کے قابل سماعت ہونے سے متعلق مخدوم علی خان عدالت کی معاونت کر رہے ہیں۔ سابق جج اسد اللہ چمکنی بھی عدالتی معاون کے طور پر پیش ہوئے

بقیہ بقیہ جات 2

اجلاس میں پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے حوالے سے حکمت عملی طے کی جائے گی جبکہ حکومت سازی، سپیکر، ڈپٹی سپیکر کے انتخاب بارے بھی مشاورت ہوگی۔ تمام نومنتخب لیگی ارکان پنجاب اسمبلی کو پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں لازمی شرکت کی ہدایت کردی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

مخصوص نشستوں سے محروم ہونے کا امکان موجود ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی سبطین خان کا کہنا ہے کہ میری اطلاع کے مطابق بائیس فروری کو پنجاب اسمبلی کا اجلاس بلایا جارہا ہے میں اس کی تصدیق نہیں کرسکتا کہ میرے علم میں نہیں کہ ابھی ہاؤس مکمل ہوا ہے یا نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب اسمبلی کا پہلا اجلاس مخصوص نشستوں کے نوٹیفکیشن کے بغیر نہیں بلایا جاسکتا ہے، اگر آزاد ارکان کسی سیاسی جماعت میں شامل ہوئے تو انہیں مخصوص نشستوں سے محروم نہ کیا جائے، کسی جماعت کی مخصوص نشستیں دوسری جماعت میں بانٹنا مناسب نہیں ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 4

امیدواروں سمیت متحرک سیاسی کارکن بھی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق مزید 243 اشتہاریوں کی گرفتاری کے لئے تین ٹیمیں چھاپہ مار کارروائیاں کررہی ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ 9 مئی کے مقدمات میں 15 اشتہاری ملزمان نے عدالت سے ضمانت کروالی، دوران تفتیش 13 ملزمان بے قصور پائے گئے، سانحہ میں ملوث اشتہاری قرار دیئے گئے ملزمان کی کل تعداد 284 ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

ویٹو پاور رکھنے والے ملک ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران اقوام متحدہ میں پاکستانی سفیر منیر اکرم نے کہا کہ سلامتی کونسل کی مستقل رکنیت کے کچھ فائدے ہیں، نقصانات زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستقل ارکان سیکیورٹی کونسل کو ویٹو پاور استعمال کر کے مفلوج کرسکتے ہیں، ہماری کوشش ہے کہ مستقل ارکان کی ویٹو پاور کو محدود کیا جائے۔ اقوام متحدہ میں پاکستانی سفیر نے کہا کہ سلامتی کونسل میں نئے مستقل ارکان لانے کی کوئی تک نہیں بنتی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے خیال میں زیادہ غیر مستقل منتخب نشستیں ہوں اور 27 ارکان کی کونسل بنے، جس میں ترقی پذیر ملکوں کی اکثریت ہونی چاہیے۔ منیر اکرم نے کہا کہ غزہ کے معاملے پر او آئی سی نے بہت کوششیں کیں، جنرل اسمبلی میں 2 قراردادیں لائے۔ اقوام متحدہ میں پاکستانی سفیر نے کہا کہ سیکیورٹی کونسل میں امریکا نے غزہ میں جنگ بندی کی کسی قرارداد کو منظور نہیں ہونے دیا۔

بقیہ بقیہ جات 6

آواز بلند کرنی چاہیے، وہ شاعر، موسیقار، فنکار، ڈرامہ نگار جو کروڑ پتی نہیں، ان کی خدمات کا اعتراف ہونا چاہیے، اشرافیہ کے کلچر کو بھی چاہیے کہ وہ ان کی خدمات کا اعتراف کریں، کسی کو رکنیت دیتے وقت صرف پیسے کو نہ دیکھا جائے، خدمات کو بھی دیکھا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 7

کو شیر افضل مروت کے خلاف تادیبی کارروائی سے روک کر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 26 فروری تک رپورٹ طلب کرلی۔ جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے شیر افضل مروت کے کیسوں کی تفصیلات کی فراہمی اور انھیں ہراساں نہ کرنے کی درخواست پر سماعت کی۔ شیر افضل مروت عدالت میں پیش ہوئے اور موقف اختیار کیا کہ انھوں نے احتجاج کیا اور ریلی نکالی جس کے بعد ان کے گھر پر چھاپہ مارا گیا، ان کے گھر کا رات ایک بجے دروازہ توڑا گیا اور ہراساں کیا گیا۔ پولیس اور ایف آئی اے سے کیسوں کی تفصیل منگوائیں، جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے کہا کہ پہلے نوٹس کر کے جواب مانگ لیتے ہیں۔ عدالت عالیہ نے پی ٹی آئی کے سینئر رہنما کے خلاف تادیبی کارروائی سے روکتے ہوئے سماعت 26 فروری تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 8

کی درخواست پر سماعت (آج) بدھ تک ملتوی کردی گئی۔ منگل کو الیکشن کمیشن میں این اے 47 سے امیدوار شعیب شاہین کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران شعیب شاہین نے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے کامیابی کا نوٹیفکیشن روک دیا ہے، میرے پاس اصلی فارم 45 ہیں، میں واضح لیڈ سے جیتا، کمیشن کے آرڈر پر آر او نے حتمی نتیجہ روکا تھا، پھر خود جاری کر دیا۔ ممبر کمیشن نے کہا کہ آر او نے رپورٹ دی ہے کہ آرڈر سے پہلے حتمی رزلٹ جاری کر چکا تھا۔ شعیب شاہین نے کہا کہ آر او کی رپورٹ کی کاپی دیں، آرڈر کی خلاف ورزی پر پرچہ ہوگا۔ ممبر الیکشن کمیشن نے کہا کہ ہائی کورٹ کے آرڈر پر نوٹیفکیشن معطل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

اور آئین کے دائرے میں جدوجہد جاری رہے گی، ہمارے کچھ امیدواروں کے نوٹیفکیشن بھی اس دھمکی پر روکے گئے ہیں کہ دوسری جماعت میں جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کا مزید کہنا ہے کہ جیسے جیسے امیدواروں کے نوٹیفکیشن آرہے ہیں امیدوار سنی اتحاد کونسل میں جا رہے ہیں، ہمارے بانی چیئرمین پر جیل میں مقدمے چلے ہماری زیادہ انتخابی مہم اسی سے ہوئی۔ سینیٹر ولید اقبال نے کہا کہ الیکشن ٹریبونل میں ہمارے کیسز کی تعداد 30 سے 35 تک ہے، قانون اور آئین کے دائرے میں ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ بقیہ جات 10

مطالبہ کیا کہ الیکشن کمیشن حکام کو بلایا جائے اور جو مینڈیٹ چوری کیا اس کا پوچھا جائے۔ سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ پاکستان کے عوام نے پی ٹی آئی کو ووٹ دیا، الیکشن کمیشن کے اعلان سے پولنگ ڈے تک پری پول دھاندلی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف سے بلے کا نشان لے کر جمہوریت کو سب سے بڑا زخم دیا گیا، سپریم کورٹ کا فیصلہ غلط ہے، پشاور ہائی کورٹ کا فیصلہ تاریخی ہے۔ سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ عوام کا مینڈیٹ چوری کرنے اور انقلاب کو روکنے سے انتشار آئے گا۔ اس موقع پر ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے پی ٹی آئی کے سینیٹر ولید اقبال نے کہا کہ الیکشن کمیشن کو بتانا ہوگا کہ دھاندلی کیوں ہونے دی؟ انٹرنیٹ سروسز بند کرنے سے دنیا بھر میں بدنامی ہوئی، دن بھر تو ووٹنگ ہوئی رات کو کیوں نیٹ سروس بند رہی؟ انہوں نے کہا کہ قانون کہتا ہے کہ آر او اعلان کرے گا لیکن اعلان نہیں کیا گیا، ہمارے بنائے قانون پر عمل نہیں ہوتا تو ہمیں گھر چلے جانا چاہیے، چیف الیکشن کمشنر نے میڈیا کو بریفنگ تک نہ دی، الیکشن میں دھاندلی ہوئی اور انتخابی نشان چھینا گیا۔ سینیٹر ولید اقبال نے کہا کہ پاکستان میں سنگ دلی روز بروز بڑھتی چلی جارہی ہے، حبیب جالب نے اس حوالے سے کہا ہے کہ ''ظلم رہے اور امن بھی ہو، کیا ممکن ہے تم ہی کہو؟''۔ انہوں نے کہا کہ احتساب کا خوف اور قانون کا ڈر ہی ختم ہو گیا ہے، نگراں وزیر اعظم نے کہا کہ عوام نے نتائج تسلیم کرلیے ہیں، نگراں وزیر اعظم کس جنت میں رہتے ہیں جنہیں حقائق کا علم نہیں؟

بقیہ بقیہ جات 11

سے گفتگو کرتے ہوئے شہزادہ گشتاسپ نے کہا کہ میرا نواز شریف سے مقابلہ تھا، میں پی ٹی آئی کا حمایت یافتہ امیدوار تھا۔ شہزادہ گشتاسپ نے کہا کہ میرا خیال تھا نواز شریف 25 ہزار سے زیادہ ووٹ نہیں لے سکیں گے، میں سمجھتا ہوں نواز شریف کو اعلیٰ ظرفی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آر او نے اپنی رپورٹ جمع کرا دی ہے، این اے 15 میں شفاف انتخابات ہوئے، این اے 15 میں حکومتی مشینری نواز شریف کے ساتھ تھی، ہمیں تو جلسہ کرنے کی بھی اجازت نہیں تھی، کیپٹن (ر) صفدر نے اپنے روپے سے لوگوں کو تنگ کیا جس کا مجھے فائدہ ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 12

کہ امریکہ ہمارا تجارتی شراکت دار ہے، دونوں ممالک میں دوطرفہ تجارت کے فروغ سے معیشت مضبوط ہو گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان انتظامیہ امور اور معاشی بحران کے حل کیلئے موثر اقدامات کر رہا ہے، پاکستان کی مائز کے شعبہ میں کارکردگی حوصلہ افزا ہے۔ انوار الحق کاکڑ کا کہنا تھا کہ پاکستان وسائل سے مالا مال ملک ہے، مستقبل میں پاکستان ایک مضبوط اور ترقی یافتہ ملک کے طور میں دنیا میں اپنا مقام حاصل کرے گا۔ نگران وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان بہترین محل وقوع پر واقع ہے، شعبہ آئی ٹی، معدنیات اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، بیرونی سرمایہ کاری سے شعبہ معدنیات میں اصلاحات لا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایس آئی ایف سی کان کنی، آئی ٹی، زراعت، لائیو اسٹاک پر کام کر رہی ہے، ایس آئی ایف سی سرمایہ کاروں کیلئے ون ونڈو آپریشن مہیا کر رہی ہے، پاکستان سرمایہ کاروں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے ہیں۔ انوار الحق کاکڑ کا مزید کہنا تھا کھیوڑہ کی معیاری مصنوعات کو دنیا میں متعارف کرا رہے ہیں، عالمی سطح پر سرمایہ کاری سے مقامی افراد کو روزگار ملے گا۔

بقیہ بقیہ جات 13

(ن) کو اپنی حمایت کی یقین دہانی کراتے ہوئے تین نکاتی آئینی ترمیم پر حمایت بھی مانگی ہے جس میں بلدیاتی اداروں کی خودمختاری نمایاں ہے۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگی وفد نے ایم کیو ایم کو یقین دلایا ہے کہ عوامی مفاد کے لیے ان ترامیم پر پارٹی ان کو سپورٹ کرے گی۔ ذرائع کے مطابق ایم کیو ایم نے واضح طور پر کہا کہ سندھ میں گورنر شپ ایم کیو ایم کا حق ہے جس سے دستبردار نہیں ہوں گے۔ ایم کیو ایم نے کہا کہ ایم کیو ایم کو وفاقی کابینہ میں شامل ہونے کا کوئی شوق نہیں اور ہم کسی دوسری جماعت کی طرح حکومت سازی کے لیے بلیک میل نہیں کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 14

نے کہا ہے کہ ہم اسلام آباد کی تینوں نشستیں جیت چکے، ہمارے پاس اصلی فارم 45 ہیں۔ الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شعیب شاہین نے کہا کہ ہمارے اسلام آباد کے تینوں حلقوں کے کیس لگے تھے، جب نتائج کی تبدیلی شروع ہوئی تو الیکشن کمیشن کو فوری درخواست دی۔ شعیب شاہین نے کہا کہ رات ایک بجے تک ہمارا نتیجہ روکا گیا، پھر طارق فضل چوہدری کو کامیاب کروا دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 15

کمپلیکس توڑ پھوڑ کیس میں سیاسی رہنما اور سابق وزیر مملکت فرخ حبیب کو کیس سے ڈسچارج کر دیا۔ فرخ حبیب انسداد دہشت گردی عدالت پیش ہوئے، کیس کی سماعت جج ابو الحسنات محمد ذوالقرنین نے کی۔ تفتیشی افسر نے عدالت کو بتایا کہ ہمیں فرخ حبیب کی گرفتاری مطلوب نہیں ہے، فرخ حبیب کی جانب سے درخواست قبل از گرفتاری ضمانت واپس لے لی گئی۔ عدالت نے فرخ حبیب کو کیس سے ڈسچارج کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 16

انصاف پارلیمنٹرینز خواتین کی مخصوص نشستوں سے دستبردار ہوگئی۔ پی ٹی آئی پی کی مخصوص نشستوں کیلئے پارٹی سے نامزد تمام خواتین نے استعفے الیکشن کمیشن میں جمع کرا دیئے۔ استعفے دینے والی خواتین میں سومی فلک ناز، یاسمین فہد، آسیہ اسد، نائمہ اسلم، ثوبیہ رحمان، انیتا محسود اور نادیہ شیر شامل ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹرینز نے خیبر پختونخوا اسمبلی میں 2 نشستیں جیتیں ہیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل سربراہ پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز پرویز خٹک کا بھی بطور پارٹی چیئرمین استعفیٰ سامنے آیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 17

حساب سے ڈیزل سے پیدا کی گئی، ڈیزل سے 10 کروڑ یونٹ بجلی پیدا کی گئی ہے۔ فرنس آئل سے 35 روپے فی یونٹ بجلی پیدا کی گئی، جنوری میں فرنس آئل سے 75 کروڑ یونٹ بجلی پیدا کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 18

ہوئے فردوس شمیم نقوی نے کہا کہ عوام کا فیصلہ آچکا ہے اس پر بھی نوشتہ دیوار نہیں پڑھا تو بس پھر۔ فردوس شمیم نقوی نے کہا کہ کسی پارٹی کے لیے دروازے بند نہیں کرنے چاہئیں، پارٹی چھوڑنے والے واپس آنا چاہیں تو دو سال تک عہدہ نہ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی میں واپس آنے والوں کو 2 سال الیکشن بھی نہ لڑنے دیں۔

بقیہ بقیہ جات 19

ایک بیان میں کہا کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس کی بندش کو چوتھا دن ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ میں بطور وکیل خود فاشسٹ حکومت کے اس آمرانہ فعل کو چیلنج کرنے جا رہا ہوں کیونکہ یہ آمریت قابل قبول نہیں ہے۔ علی محمد خان نے کہا کہ اظہار رائے کی آزادی بنیادی انسانی حق ہے، جدید دور میں آمریت کے یہ پچھلی صدی کے حربے چلنے والے نہیں ہے، انٹرنیٹ یا سوشل میڈیا پلیٹ فارم کو بند کرنا مسائل کا حل نہیں ہے، عوام کا مینڈیٹ عوام کو واپس کرنا پڑے گا، عوام تو سچ بولیں گے سچ کو سامنے آنے دو۔

بقیہ بقیہ جات 20

بی بی کی اپیلوں پر اعتراضات عائد کردیئے۔ ذرائع نے بتایا کہ اپیلوں پر ریکارڈ مکمل نہ ہونے اور کاپیاں مدھم ہونے کے اعتراضات عائد کیے گئے ہیں۔ اس موقع پر بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے وکلاء نے اعتراضات دور کرنے کیلئے اپیلیں واپس لے لیں۔ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے وکلاء نے اس حوالے سے کہا کہ اعتراضات دور کر کے دوبارہ اپیلیں دائر کردیں گے۔ واضح رہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں سزا کے خلاف گزشتہ ہفتے اپیلیں دائر کی گئی تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 21

رشوں سے سڑکوں اور شاہراہوں پر مزید لینڈ سلائیڈنگ سے 6 اضلاع کے درمیان زمینی رابطے منقطع ہو گئے جس کے بعد بڑی تعداد میں سیاحوں اور مسافروں نے ہوٹلوں میں پناہ لی ہوئی ہے

بقیہ بقیہ جات 22

پر فرد جرم کی کارروائی ایک بار پھر مؤخر کردی گئی۔ احتساب عدالت اسلام آباد کے جج کو اڈیالہ جیل میں کیس کی سماعت کرنا تھی، عدالت کے نئے تعینات جج ناصر جاوید رانا نے تاحال چارج نہیں لیا، اس کے باعث سماعت بغیر کسی کارروائی کے 23 فروری تک ملتوی کردی گئی۔ جج بشیر کی ریٹائرمنٹ تک رخصت کے باعث گزشتہ روز نئے جج کی تعیناتی کی گئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 23

حق دفاع کو نقصان پہنچانا ہے۔ آئی سی جے کی سماعت مذاکرات کے بغیر سفارتی تصفیے کی فلسطینی کوشش کا حصہ ہے، فلسطین کی اس کوشش کی مخالفت جاری رہے گی۔

بقیہ بقیہ جات 24

امیدواروں سمیت متحرک سیاسی کارکن بھی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق مزید 243 اشتہاریوں کی گرفتاری کے لئے تین ٹیمیں چھاپہ مار کارروائیاں کررہی ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ 9 مئی کے مقدمات میں 15 اشتہاری ملزمان نے عدالت سے ضمانت کروالی، دوران تفتیش 13 ملزمان بے قصور پائے گئے، سانحہ میں ملوث اشتہاری قرار دیئے گئے ملزمان کی کل تعداد 284 ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

شبیر اسماعیل نے اظہر صدیق ایڈووکیٹ کی وساطت سے درخواست سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں دائر کی۔ درخواست میں الیکشن کمیشن، وفاقی حکومت سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ الیکشن میں مبینہ دھاندلی کی تحقیقات جوڈیشل انکوائری کے ذریعے کروائی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 26

خریدنے کا فیصلہ کرلیا۔ بتایا گیا ہے کہ پنجاب پولیس 49 نئی گاڑیاں خریدے گی، 4.7 ملین روپے سے ایک یک ٹیوٹا کرولا یارس گاڑی خریدی جائے گی، 36 ملین روپے سے دو ٹیوٹا فارچونر گاڑیاں خریدی جائیں گی، 305 ملین روپے سے 46 ٹیوٹا کرولا آلٹس گاڑیاں خریدی جائیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 27

کو تبدیل کردیا گیا، ہمارے ایجنٹس کو نکال دیا گیا پھر باقی 33 پولنگ سٹیشنز سے نواز شریف کو ایک لاکھ ایک ہزار ووٹ ڈال دیئے گئے۔ ممبر الیکشن کمیشن نے کہا کہ اس کیس میں تو الیکشن کمیشن بھی جوابدہ ہے اب کیس ہم اپنے خلاف سنیں؟ الیکشن کمیشن نے این اے 130 لاہور سے کامیاب امیدوار نواز شریف کو نوٹس جاری کردیا جبکہ ریٹرننگ افسر سے رپورٹ طلب کرلی۔ الیکشن کمیشن نے کیس کی مزید سماعت 27 فروری تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 28

کو بھی تقویت ملے گی۔ تنظیم نو کے منصوبے کے تحت پاکستان کسٹمز کے معاملات کو سنبھالنے کے لیے خصوصی کسٹمز بورڈ تشکیل دیدیا گیا ہے جس کا کام اسمگلنگ کا سراغ لگانا ہوگا۔ ریونیو اکٹھا کرنا فیڈرل بورڈ آف ریونیو ڈویژن کے ذمہ رہے گا۔ تنظیم نو کے یہ اقدامات ٹیکس وصولی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے اور ٹیکس مشینری کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے، جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کی مدد سے ٹیکس کی بنیاد کو وسیع بنانے اور ٹیکس پالیسی کی تکمیل میں مدد ملے گی۔ منصوبے کے تحت ٹیکس ریونیو کی وصولی کو 2029 تک جی ڈی پی کے 8.5 فیصد کی موجودہ سطح سے بڑھا کر 18 فیصد تک لے جایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 29

الزامات کی تحقیقات کے لیے ٹریبونلز کی تشکیل کیلئے الیکشن کمیشن نے لاہور ہائیکورٹ سے 9 ججز کو بطور ٹریبونل تعینات کرنے کے لیے نام مانگے تھے، لاہور ہائیکورٹ نے ججز کی کمی، زیر التوا کیسز میں اضافہ کے باعث انکار کرتے ہوئے 2 ججز کے نام ارسال کیے۔ لاہور ہائیکورٹ کے مراسلے کے مطابق دھاندلی کے الزامات کی تحقیقات کے لیے جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس سلطان تنویر بطور ٹریبونل جج فرائض سرانجام دیں گے۔ دوسری جانب لاہور ہائیکورٹ میں پونے تین سال سے ججز کی تقرریاں نہ ہونے سے زیر التوا کیسز کی تعداد میں اضافہ ہوگیا، لاہور ہائیکورٹ میں آخری بار 7 مئی 2021 کو 13 ججز کی تقرریاں کی گئیں تھیں۔ لاہور ہائیکورٹ میں اس وقت ججز کی آسامیوں کی تعداد 60 ہے جب کہ صرف 39 ججز فرائض سرانجام دے رہے ہیں اور دو ججز کو بطور ٹریبونل تعینات کرنے کے بعد یہ تعداد کم ہو کر 37 رہ جائے گی جبکہ موجودہ صورتحال میں مجموعی طور پر لاہور ہائیکورٹ میں کیسز کی تعداد 2 لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے۔ اس حوالے سے بیرسٹر امرت کا کہنا ہے کہ کیسز کو بروقت نمٹانے کے لیے اچھی شہرت کے حامل وکلا کی بطور جج تقرری ضروری ہے، ججز کی آسامیوں کو پر کیے بغیر بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ناممکن ہے

بعدالت جناب چوہدری عبدالخالق صاحب سول جج درجہ اول کھاریاں

دعویٰ: استقرار حق معہ دادرسی مستلزمہ
عنوان: دانش مسیح بنام ایڈمنسٹریٹر وغیرہ
اشتہار بنام: ایڈمنسٹریٹر بذریعہ سیکرٹری یونین کونسل باہر وال تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 13-03-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب محترم نصر محمود گوندل صاحب سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

دعویٰ استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ محمد مقصود ولد اصغر علی بنام لیسکو وغیرہ اشتہار بنام لیسکو بذریعہ چیف ایگزیکٹو لیسکو لیسکو ہیڈ آفس لاہور، ڈپٹی منیجر آپریشنز (XEN) لیسکو ڈویژن چونیاں، اسسٹنٹ منیجر آپریشنز (S.D.O) لیسکو سب ڈویژن سٹی چونیاں، ریونیو آفیسر لیسکو ڈویژن چونیاں (مدعاعلیہم) ہرگاہ مدعاعلیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 21-02-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت محمد زاہد جنجوعہ نائب تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت چک نمبر 265 تحصیل وضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفیہ) بھاگن بیوہ لال قوم سیال چیلہ کے وارثان فاطمہ، احمد والدین پہلے فوت شدہ۔ لال خاوند پہلے فوت شدہ محمد کبیر پسر زندہ، محمد بشیر، نذیر احمد پسران بعد فوت شدگان، عمر حیات پسر زندہ، جنداں بی بی دختر زندہ ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

اطلاع برائے عوام الناس

ناموں کی درستگی ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ جائیداد نمبری BIII-13S-9/RH واقع اندرون موری گیٹ قصور ھے۔ مکان زیر آمدہ جگہ تعدادی 5-مرلے جو کہ ریکارڈ PTI میں غلط ناموں کی تصحیح کے لیئے درخواست گذاری گئی ھے۔ محمد عمران کی بجائے عمران اکبر۔ محمد عرفان کی بجائے عرفان اکبر۔ محمد عزیز کی بجائے محمد اعجاز۔ اور محمد اکرم کیبجائے فرح دختر عنایت اللہ Correction کرنے کی بابت ریکارڈ PTI میں دفتر زیر دستخطی میں درخواست گذاری ھے۔ لہذا ان ناموں کی تصحیح پر کسی فریق۔ عوام الناس کسی بنک یا ادارہ۔ یا کوئی دیگر وارث ہو تو معہ ثبوت کیساتھ سات یوم کے اندر۔ اندر اپنا عذر و اعتراض حاضر ہو کر داخل کرے۔ بعد ازیں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ المشتہر: ڈسٹرکٹ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر (پراپرٹیز) اسیسنگ اتھارٹی نزد ڈیل قل گڑھی قصور......

بعدالت جناب حاجی عبدالمجید شاھد صاحب تحصیلدار/سرکل آفیسر ریونیو مصطفےٰ آباد ضلع قصور

ہرگاہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ حال متوفی محمد امین ولد رسال قوم میو ھے کا انتقال وراثت رقبہ واقع موضع بیدیاں تحصیل وضلع قصور جو برائے تصدیق وارثان درج رجسٹر کروایا ہے اور حسب ذیل وارثان تحریر کروائے ہیں۔ والد رسال۔ والدہ سروپی دونوں پہلے فوت شدہ ہیں۔ زرینہ بیوہ زندہ ہے۔ مصور خاں۔ محمد اختر۔ محمد سرور پسران زندہ۔ سلمٰی بی بی۔ نائلہ دختران متوفی زندہ ہیں۔ اسکے علاوہ اور کوئی وارث ہو یا عوام الناس یا کسی ادارے کو عذر یا اعتراض ہو تو اشاعت ہذا کے سات یوم کے اندر۔ اندر عدالت زیر دستخطی میں اصالتاً یا وکالتاً دائر کرسکتا ہے۔ بعد ازیں کوئی عذر یا اعتراض نسبت انتقال وراثت متوفی عبدالعزیز قابل قبول نہ ہوگا......

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ADLR/صاحب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: کیے جانے وراثتی انتقال شجرہ نصب چک نمبر 745 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ ستاں بی بی بیوہ سلطان ساکن 745 گ ب تحصیل پیرمحل متوفی حال کے وارثان فتح محمد والد متوفیہ، فاطمہ والدہ متوفیہ پہلے فوت شدگان، سلطان خاوند متوفیہ، غلام محمد، نور محمد پسران متوفیہ، سکینہ دختر متوفیہ زندہ وارث ظاہر کیے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی وارث ہو تو 3 یوم کے اندر عدالت ہذا سے رابطہ کرسکتا ہے بعد میں کسی کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اور انتقال ہذا تصدیق کردیا جائے گا۔

درستگی نام

میں مسمی اصغر علی ولد نذیر احمد ساکن رحمان آباد تحصیل صفدر آباد ضلع شیخوپورہ کا رہائشی ہوں میرا میرے والد محترم کا نام یونین کونسل رحمان آباد تحصیل صفدر آباد ضلع شیخوپورہ کے رجسٹر ریکارڈ میں غلطی سے نذیر اور دادا کا نام مہتاب لکھا گیا ہے جبکہ میرے والد محترم کا صحیح نام نذیر احمد اور دادا کا نام مہتاب دین ہے جو کہ میں اپنے والد کا نام نذیر احمد اور دادا کا نام مہتاب دین درست کروانا چاہتا ہوں اگر کسی فرد یا ادارے کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہے تو اندر سات یوم مجھ سے رابطہ کرسکتا ہے المشتہر اصغر علی ولد نذیر احمد ساکن رحمان آباد تحصیل صفدر آباد ضلع شیخوپورہ

بعدالت رب نواز ڈب تحصیلدار تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع مگھیانہ چک کچہ تحصیل وضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفی) رشید ولد معلی کے وارثان موندان، معلی والدین پہلے فوت شد۔ گلاں زوجہ پہلے فوت شد۔ محمد بخش، خورشید بی بی، صوفیہ بی بی پسر و دختران زندہ ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

بعدالت جناب شیخ عبدالرزاق صاحب سول جج صاحب ضلع فیصل آباد

دعویٰ استقرار حق۔ بعنوان: شمیم اختر وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ اشتہار بنام عوام الناس /ڈپٹی ڈائریکٹر پنجاب ہاسنگ اینڈ فزیکل پلاننگ فیصل آباد، جوائنٹ رجسٹرار اربن فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر 23-02-2024 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب عمران محمد خاں صاحب جج فیملی کورٹ سمندری ضلع فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح وغیرہ۔ بعنوان: ماہ نور بنام محمد اشرف۔ اشتہار بنام محمد اشرف ولد غلام محمد ساکن چک نمبر 48 گ ب تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر 16-03-2024 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب اسما فلک رانا صاحبہ سول جج کورٹ ساہیوال

دعویٰ تعمیل مختص فضل نوید بنام محمد نبیل احمد خان ولد محمد سلیم خان قوم لودھی سکنہ چک نمبر 134/9L تحصیل وضلع ساہیوال ہرگاہ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ مورخہ 1-3-2024 کو بوقت صبح 09 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں و دیگر صورت آپکے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی

بعدالت جناب ارم یوسف صاحبہ سول جج فیملی کورٹ اوکاڑا

دعویٰ: تنسیخ نکاح دلاپائے سامان جہیز وغیرہ عنوان: لائبہ بنام دانش پرویز اشتہار بنام: دانش پرویز ولد اسلم قوم سکے سکنہ چک نمبر ایل 45/2. تحصیل وضلع اوکاڑا۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 21.02.24 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

بعدالت جناب محترمہ عذرا نسیم صاحبہ گارڈین جج صاحبہ ضلع فیصل آباد

درخواست سرٹیفکیٹ ولایت۔ بعنوان: محمد زوبن بنام عوام الناس وغیرہ۔ اشتہار بنام نسیم اختر زوجہ امتیاز خاں ساکن چک نمبر 216 آر۔بی محمد والا حال مقیم موٹروے ولاز سرگودھا روڈ فیصل آباد، سید عبدالخالق شاہ ولد محمد علی شاہ ساکن مکان نمبر 308 اللہ ہو چوک جوہر ٹاؤن لاہور۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر 22-02-2024 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب ثمرہ وحید صاحبہ سول جج فیملی کورٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ

دعویٰ: دلاپانے خرچہ نان ونفقہ عنوان: عاصمہ بی بی وغیرہ بنام عثمان احمد اخبار اشتہار بنام عثمان احمد ولد محمد شفیع سکنہ چک نمبر 348 گ ب تحصیل وضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے دعویٰ ہذا میں بتقرر 24.02.2024 بوقت 9:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں ماہ بعد کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب شوکت عباس رانجھا صاحب جج فیملی کورٹ پتوکی ضلع قصور

دعویٰ تنسیخ نکاح عنوان فائزہ بی بی بنام محمد عدنان اخبار اشتہار بنام محمد عدنان ولد عبدالحمید قوم مہر ساکن نشتر کالونی 473 سلمان بلاک فیروز پور روڈ لاہور ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 27.2.2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت کیجاری ہوا۔

بعدالت جناب عمران محمد خاں صاحب جج فیملی کورٹ سمندری ضلع فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح وغیرہ۔ بعنوان: ثمرہ اعجاز وغیرہ بنام محمد عرفان۔ اشتہار بنام محمد عرفان ولد انور بٹ قوم بٹ ساکن چک نمبر 226 ر ب ملکھاں والا چیچے تحصیل وضلع فیصل آباد۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر 07-03-2024 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب تحصیلدار ADLR/صاحب تحصیل منچن آباد

عنوان:۔ انتقال وراثت متوفی محمد اکرم ولد قمر دین قوم بھٹی موضع چک دریا دتہ مل تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا انتقال وراثت برائے منظوری پیش ہوا ہے۔ جس میں متوفی کے وارثان 1 بیوہ رفیق بیگم، 3 بیٹے جاوید اقبال، ظفر اقبال، علی حسین اور 4 بیٹیاں محمد نازیہ اکرم، نسیم شاہدہ، فوزیہ اکرم شازیہ بی بی پسران و دختران متوفی زندہ حیات درج ہیں۔ لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی کے وارثان میں سے کوئی اور وارث ہے تو وہ اپنا ثبوت پیش کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ وارثان کے نام منظور کر دیا جائے گا۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج/جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع۔ عنوان۔ آمنہ بی بی بنام ذیشان سعید۔ اخبار اشتہار بنام۔ ذیشان سعید ولد سعید احمد ذات آرائیں ساکن چک نمبر 273BP علی وال فیصل آباد صدر فیصل آباد مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے دعویٰ ہذا میں بتقرر 27/02/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ADLR/صاحب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

عنوان: کیے جانے وراثتی انتقال شجرہ نصب چک نمبر 698 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ عبدالرزاق خاں ولد احمد علی ساکن 698 گ ب تحصیل پیرمحل متوفی حال کے وارثان میں احمد خاں والد متوفی، صابن والدہ متوفی پہلے فوت شدگان، مسرت بی بی بیوہ متوفی، یاسر احمد، عامر سہیل، علی رزاق پسران متوفی، عدیلہ رزاق دختر متوفی زندہ وارث ظاہر کیے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی وارث ہو تو 3 یوم کے اندر عدالت ہذا سے رابطہ کرسکتا ہے بعد میں کسی کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ اور انتقال ہذا تصدیق کردیا جائے گا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب پھالیہ

انتقال وراثت متوفی محمد اسماعیل یہ کہ متوفی کے وراثان میں محمد سلیم محمد جاوید محمد اسلم محمد اکرم پسران اور شہناز کوثر دختر ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی اور وراث ہو یا کسی کو عتراض ہو تو اندر 10 یوم دفتر ھذا میں رابطہ کر سکتا ہے بعد میں کوئی عتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت پاس کر دیا جائے گا۔

تبدیلی نام

یہ کہ میرا درست نام علی رضا ولد محمد ارشد تھا اب میں اپنا نام علی رضا سے تبدیل کر کے محمد عبدالحبیب کرنا چاہتا ہوں میرے شناختی کارڈ نمبری 3440392065741 پر بھی علی رضا درج ہے جو میں اب تبدیل کرنا چاہتا ہوں میں اپنے تمام سرکاری نیم سرکاری ریکارڈ میں اپنا نام علی رضا سے محمد عبدالحبیب کرنا چاہتا ہوں اگر کسی سرکاری نیم سرکاری ادارے یا عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عتراض ہو تو اندر 2 یوم رابطہ کرسکتا ہے المشتہر محمد عبدالحبیب ولد محمد ارشد ڈاکخانہ نور جمال چک خواجہ تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین۔

بعدالت جناب عبدالقدیر بٹ صاحب سینئر سول جج فیملی ڈویژن ٹوبہ ٹیک سنگھ دعوی

تنسیخ نکاح بربنائے خلع عنوان: عمرین بنام شان علی اخبار اشتہار بنام شان علی ولد سونا سکنہ چک نمبر 266 گ ب تحصیل وضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعاعلیہ بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے دعویٰ ہذا میں بتقرر 22.02.2024 بوقت صبح 09:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں

بعدالت جناب محمد عکرمہ صاحب سول جج شکر گڑھ

ریشماں بیوہ بنام عوام الناس دعویٰ درخواست گارڈین ریشماں بی بی بیوہ چوہدری لیاقت علی ذات گوجر ساکن رتو چک تحصیل شکر گڑھ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 28.2.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب فاروق احمد صاحب گارڈین جج صاحب سمندری ضلع فیصل آباد

درخواست سرٹیفکیٹ ولائیت۔ بعنوان: فرخندہ وسیم بنام عوام الناس وغیرہ۔ فرخندہ وسیم بیوہ محمد وسیم عمران قوم ملک ساکن وارڈ نمبر 3 مکان نمبر 169 گلی نمبر 19 محلہ بسم اللہ چوک سمندری ضلع فیصل آباد بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں کسی کو اعتراض ہو تو مرحہ 29-02-2024 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 646 گ ب/ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پروین بی بی بیوہ شبیر حسین جو کہ چک نمبر 646 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان میں محمد یوسف والد، شبیر حسین خاوند (پہلے فوت شدگان)۔ بشیراں بی بی والدہ (بعد میں فوت شد)۔ صدف دختر (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب رانا رضوان یوسف صاحب سول جج درجہ اول تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ دخیلابی بذریعہ تعمیل مختص: بعنوان: ریاض حسین ولد مہابت خاں بنام بہادر علی وغیرہ اشتہار بنام محمد احمد پسر، پروین اختر، عاصمہ، شمیم بی بی، شبانہ بی بی دختران، نصرت بی بی بیوہ پنوں اقوام بلوچ ساکنان چک نمبر 431 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ، عاشق حسین ولد کبیر قوم چدھڑ ساکن چک نمبر 431 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں 21-02-2024 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہذا مدعاعلیہم تاریخ مقررہ پر حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں ورنہ یکطرفہ کارروائی میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب مسز عاشی عظمت صاحبہ سول جج درجہ اول/فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ: انیلہ قمر بنام یونس ولد مزمل قوم بلوچ ساکن چک نمبر 602 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 29-02-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب چوہدری محمد بلال خان صاحب فیملی جج جھنگ

عنوان مقدمہ: مسماۃ نگینہ ریاض بنام محمد عزیز۔ دعویٰ تنسیخ نکاح۔ اخبار اشتہار بنام محمد عزیز ولد اللہ وسایا قوم جٹ ککلی سکنہ وارڈ نمبر 1 محلہ عیدگاہ کہروڑ پکا ضلع لودھراں ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 24.02.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب سام اللہ صاحب فیملی جج شورکوٹ

عنوان مقدمہ: نادیہ سرور بنام عمر حیات۔ دعویٰ خرچہ نان ونفقہ۔ اخبار اشتہار بنام عمر حیات ولد؛ والفقار قوم کھوکھر سکنہ چک نمبر 487 ج ب تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 02.03.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب محترم نعمان مبشر صاحب سول جج گوجرانوالہ

دعویٰ استقرار حق
عنوان۔ مروہ شاہد بنام نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی وغیرہ

مروہ شاہد دختر شاہد بشیر ذات آرائیں ساکن مکان نمبر 260 بلاک B محلہ واپڈا ٹاؤن گوجرانوالہ بنام نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 27-02-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترمہ سدرہ گل نواز صاحبہ سول جج گوجرانوالہ

دعویٰ استقرار حق
عنوان۔ اظہر علی بنام عوام الناس وغیرہ

اظہر علی ولد ذوالفقار احمد ساکن ڈاکخانہ لالہ پور پگالہ تحصیل نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 22-02-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

عاق نامہ

من مظہر اپنے حقیقی بیٹے زبیر حسن ولد محمد خالد کو بوجہ نافرمانی اپنی منقولہ غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آج کے بعد میں ان کے لین دین قول و فعل کا میں ذمہ دار نہ ہوں گا سرکاری نیم سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں المشتہر محمد خالد ولد نذر محمد ذات جٹ تارڑ ساکن جوکالیاں تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین

بعدالت جناب محترمہ عظمیٰ اسلم صاحبہ سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

دعویٰ استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ اصغر حسین ولد شیر محمد بنام لیسکو وغیرہ اشتہار بنام لیسکو بذریعہ چیف ایگزیکٹو لیسکو لیسکو ہیڈ آفس لاہور، ڈپٹی منیجر آپریشنز (XEN) لیسکو ڈویژن چونیاں، اسسٹنٹ منیجر آپریشنز (S.D.O) لیسکو چونیاں رورل، ریونیو آفیسر لیسکو ڈویژن چونیاں (مدعاعلیہم) ہرگاہ مدعاعلیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 19-02-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب ثوبیہ شاہ نواز صاحبہ سول جج سیالکوٹ

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین عنوان نوشین عاشق بنام عوام الناس وغیرہ اشتہار بنام عوام الناس نوشین عاشق بیوہ عاشق حسین قوم رحمانی سکنہ نزد مسجد اعواناں محلہ رنگپورہ اعواناں سیالکوٹ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام عوام الناس کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر عوام الناس تاریخ 26-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب میڈم ثناء افضل واہلہ صاحبہ سول جج/جج فیملی کورٹ قصور

مقدمہ نمبر 2268224 بابت 22-01-24
دعویٰ تنسیخ نکاح) عنوان: مقدس اشرف (سائل) بنام محمد احمد اشتہار بنام محمد احمد ولد محمد یوسف ذات بلوچ ساکن 13/SP تحصیل وضلع قصور (مدعاعلیہ) ہرگاہ مدعاعلیہ کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ برائے پیروی وجوابدہی مقدمہ مندرجہ بالا بتقرر 21-02-2024 کو صبح 09 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی وجوابدہی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گی۔ ...اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب احسان اللہ چوہدری صاحب سول جج فرسٹ کلاس پھالیہ

دعویٰ تنسیخ نکاح ماریہ بنام اکرام علی ولد فیاض احمد ذات وریا ساکن ساہنا تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین مستقل پتہ چک نمبر 15 ایس بی ڈاکخانہ خاص ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 28-02-2024 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب محترم نصر محمود گوندل صاحب سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

دعویٰ استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ محمد راشد عزیز ولد میاں داؤد احمد بنام چیئرمین واپڈا وغیرہ اشتہار بنام چیئرمین واپڈا، واپڈا ہاؤس لاہور، ایکسین واپڈا ڈویژن چونیاں، ایس۔ڈی۔او واپڈا سب ڈویژن سٹی چونیاں، ریونیو آفیسر ڈویژن چونیاں (مدعاعلیہم) ہرگاہ مدعاعلیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 23-02-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 71 گ ب/ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ظہراں بیوہ شیر محمد (دختر راجہ) جو کہ چک نمبر 71 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان میں صابی والدہ، راجہ والد، شیر محمد خاوند (پہلے فوت شد)۔ منظوراں بی بی (بعد میں فوت شد)۔ عارف علی پسر۔ سکینہ بی بی، کنیز بتول، عائشہ بتول، بشریٰ بی بی، عابدہ بتول دختران (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب سید صائم رضا شاہ صاحب سول جج فرسٹ کلاس پھالیہ

دعویٰ تنسیخ نکاح ذکیہ بی بی بنام قاسم علی ولد حبیب احمد ذات شیخ ساکن کسووال چک نمبر 18L تحصیل میاں چنوں ضلع ساہیوال ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 05-03-2024 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب احسان اللہ چوہدری صاحب سول جج پھالیہ

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع رخسانہ کوثر بنام عبدالکریم ولد طالب حسین ذات کشمیری سکنہ 324 ر ب طفیل شہید روڈ مکان نمبر 192-A گلی نمبر 13 محلہ طفیل آباد فیصل آباد تحصیل فیصل آباد سٹی ضلع فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 01-03-2024 بوقت 8 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ دستخط ومہر عدالت سے جاری ہوا۔۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر 236 گ ب/ADLR جڑانوالہ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ عبدالرشید ولد محمد اشرف عرف صحبت خاں جو کہ چک نمبر 236 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ جس کے وارثان میں حمیداں بی بی والدہ، محمد اشرف عرف صحبت خاں والد، ثریا بی بی زوجہ (پہلے فوت شدگان)۔ گلریز خاں پسر، بینش وقاص، عائزہ رشید دختران (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

اشتہار نیلام عام

بعدالت جناب سید نوید رضا بخاری صاحب جج بینکنگ کورٹ نمبر 2 گوجرانوالہ

ZTBL برانچ علی پور چٹھہ ضلع گوجرانوالہ (ڈگریدار)

بنام

احسان اللہ ولد نذر محمد ذات جٹ چٹھہ ساکن ڈھیلہ چٹھہ تحصیل وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ (مدیون)

تفصیل زر ڈگری برائے وصولی زر ڈگری مبلغ **-/3,03,387** روپے علاوہ خرچہ واخراجات نیلام وکاسٹ آف فنڈ تا مکمل ادائیگی زر ڈگری تاہم زر ڈگری بعد ادا شدہ رقم منہا تصور ہوگی۔

تفصیل جائیداد زیر نیلام

اراضی مندرجہ کھیوٹ نمبر 14 کھتونی نمبر 26 تا 28 کل رقبہ تعدادی 56 کنال 3 مرلہ حصہ 1/4 بقدر 14 کنال 1 مرلہ
اراضی مندرجہ کھیوٹ نمبر 15 کھتونی نمبر 29 کل رقبہ تعدادی 8 کنال حصہ 1/4 بقدر 2 کنال

کل رقبہ تعدادی 16 کنال 1 مرلہ

واقع رقبہ موضع ڈھیلہ چٹھہ تحصیل وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ (ملکیتی مدیون)

شیڈول نیلام عام
چسپاندگی اشتہار در عدالت 13-02-2024
چسپاندگی اشتہار بر موقع 13-02-2024
اشاعت اشتہار نیلام بذریعہ اخبار قبل از 20-02-2024
نیلام عام 07-03-2024
مقام نیلام: بر موقع
بروز جمعرات بوقت 02:00 بجے دوپہر

(1) سرکاری بولی برائے زر ابتدائی مبلغ -/57,20,000 روپے ہوگی۔ (2) نیلامی میں حصہ لینے سے قبل ہر بولی دہندہ کو مبلغ -/50,000 روپے زیر دستخطی کے پاس بطور زرضمانت جمع کرانے ہوں گے جو ناکام بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر واپس کر دیئے جائیں گے۔ (3) سب سے زیادہ بولی دہندہ کے نام نیلام ختم کیا جائیگا۔ (4) کامیاب بولی دہندہ کو جائیداد مذکورہ کی کل سرکاری بولی فوری طور پر نیلام کنندہ کو بذریعہ پے آرڈر یا بینک ڈرافٹ بذریعہ اکاؤنٹ نمبر G11299 کے حق میں ادا کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر جائیداد دوبارہ نیلام ہوگی اور ایسے بولی دہندہ کا زرضمانت ضبط ہو جائے گا۔ (5) بقیہ زر نیلام 15 دن کے اندر کامیاب بولی دہندہ بعدالت حضور میں جمع کرائے گا۔ عدم ادائیگی زر نیلام کی صورت میں عدالت کو اختیار ہوگا کہ وہ جمع شدہ رقم سے اخراجات نیلام وضع کر کے جائیداد کو دوبارہ نیلام کرے اگر جائیداد سابقہ بولی سے کم رقم پر نیلام ہو تو یہ فرق اس زرضمانت سے پورا کیا جائیگا۔ (6) نیلامی کی حتمی منظوری عدالت حضور خود دے گی۔ تاہم عدالت کو پورا اختیار ہوگا کہ وہ کوئی بھی بولی منظور یا نامنظور کرنے کی وجوہات ظاہر نہ کرے۔ (7) زیر دستخطی بغیر وجہ بتائے بولی یا نیلامی منسوخ یا ملتوی کرنے کا قانونی طور پر مجاز ہوگا۔ (8) زیر دستخطی اپنی مرضی سے بولی بڑھا سکتا ہے اگر بابت بولی کوئی تنازعہ اٹھایا گیا تو نیلام دوبارہ ہوگا۔ (9) نیلام کی جانے والی جائیداد کی جو تفصیل اوپر دی گئی ہے وہ ڈگری دار کی جانب سے فراہم کردہ اطلاع کے مطابق درست ہے۔ اس طرح کسی غلطی یا بھول کی ذمہ داری عدالت پر نہ ہوگی۔ (10) جائیداد مذکورہ بالا کے متعلق چھان بین بذمہ خریدار ہوگی۔ (11) ہر بولی دہندہ کو اپنے شناختی کارڈ کی ایک کاپی موقع پر زیر دستخطی کو فراہم کرنا ہوگی۔ (12) چونکہ ریزرو پرائس 20 لاکھ روپے سے زیادہ ہے اس لیے نیلامی کا شیڈول مقامی اخبار میں بھی شائع کیا جائے گا۔ اور موقع پر ہونے والی کارروائی کی ویڈیو ریکارڈ کرنے کے بعد اسے USB میں محفوظ کرلیا جائے گا۔ (نوٹ) مزید معلومات کے لئے زیر دستخطی یا بینک منیجر سے رجوع کریں۔

کورٹ آکشنر: **سیدہ زیب النساء** ایڈووکیٹ ہائیکورٹ
15- قائداعظم لاء چیمبرز سیشن کورٹس گوجرانوالہ
Cell:0331-6486733

مبینہ دھاندلی، جماعت اسلامی کا 23 فروری سے احتجاجی مہم شروع کرنے کا اعلان

پہلا احتجاج پشاور میں ہوگا، جس کی قیادت سراج الحق کرینگے، 25 فروری کو اسلام آباد میں جمہوریت بچاؤ کانفرنس ہوگی، الیکشن کمشنر استعفا دیں

الیکشن پراسس کا مکمل آڈٹ اور تحقیقات کے لیے اعلیٰ عدالتی کمیشن تشکیل دیا جائے، عوام کے حقوق کی جدوجہد پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا، ترجمان قیصر شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جماعت اسلامی نے عام انتخابات کے دوران مبینہ دھاندلی کے خلاف 23 فروری سے احتجاجی مہم شروع کرنے کا اعلان کردیا۔ ترجمان جماعت اسلامی قیصر شریف کے مطابق جھرلو الیکشن کو بے نقاب کرنے کے لیے تمام آئینی و جمہوری راستے اختیار کریں گے۔ جماعت اسلامی 23 فروری سے احتجاجی مہم کا آغاز کرے گی۔ پہلا احتجاج پشاور میں ہوگا، جس کی قیادت سراج الحق کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 56)

360th Vision Eye Camp Pakistan

کراچی، ڈاکٹر ڈنگھائے کم، ڈاکٹر ڈونگ کوون ٹیم اور ڈاکٹر میتھیو کا آکاشی وژن آئی کیمپ کے انعقاد کے موقع پر گروپ فوٹو

تاجر برادری ہیجانی صورتحال پر شدید پریشان ہے، حافظ عابد علی

ملک و قوم کو اس مشکل ترین نہج سے نکالنے کیلئے معاشی حالات کی سنگین صورتحال کو سنجیدہ لیا جائے

لاہور (سٹی رپورٹر) قومی تاجر اتحاد لاہور کے جنرل سیکرٹری حافظ عابد علی نے کہا ہے تاجر برادری اس وقت ملک میں جاری ہیجانی صورتحال پر شدید پریشان ہے۔ ملکی معیشت اور کاروباری امور براہ راست سیاسی نظام زندگی سے جڑے ہوئے ہیں۔ پاکستان کی ترقی و خوشحالی مستحکم سیاسی عمل سے ہی پروان چڑھ سکتی ہے۔ ملک و قوم کو اس مشکل ترین نہج سے نکالنے کیلئے معاشی حالات (بقیہ نمبر 54)

پاکستان میں حالات اسوقت شدید مخدوش نہج پر ہیں، عبدالمجید

سیاسی بحران حل نہ ہونے سے معاشی وسماجی حالات دن بدن بدترین نہج کی سمت جارہے ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) وائس چیئرمین فریا عبدالمجید نے کہا ہے پاکستان میں صنعتی و کاروباری حوالے سے حالات اس وقت شدید مخدوش نہج پر ہیں۔ ملکی سیاسی بحران حل نہ ہونے سے معاشی وسماجی حالات دن بدن بدترین نہج کی سمت جارہے ہیں۔ پاکستان میں صنعتی و کاروباری حالات سازگار سمت آنے سے ہی ملک میں خوشحالی آسکتی ہے۔ پاکستان کے صنعتی و اقتصادی حلقے امید رکھتے ہیں ملک میں جلد نئی (بقیہ نمبر 52)

پاکستان کو تجربہ کار دانا اور متحمل مزاج قیادت کی ضرورت ہے، فدا حسین

دانش مند قومیں اپنے ملک کے مفاد اور اندرونی و بیرونی معاملات کو دیکھ کر فیصلے کرتی ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) پاک چائنہ بزنس کمیونٹی کے چیئرمین حاجی فدا حسین نے کہا ہے پاکستان میں 2 ہفتے ہونے کو آئے ہیں مگر حکومت سازی کا عمل مکمل نہیں ہوسکا۔ دانش مند قومیں اپنے ملک کے مفاد اور اندرونی و بیرونی معاملات کو دیکھ کر فیصلے کرتی ہیں۔ پاکستان کو اس وقت تجربہ کار دانا اور متحمل مزاج قیادت کی ضرورت ہے۔ میاں نواز شریف داخلی وخارجی معاشی و سماجی حالات کو بہت بہتر انداز میں سمجھتے ہیں۔

دھاندلی زدہ الیکشن کی وجہ سے قوم کا وقت، سرمایہ ضائع ہوا، جے یو آئی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علما اسلام سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ دھاندلی زدہ الیکشن کی وجہ سے قوم کا وقت، سرمایہ ضائع ہوا، ملک کی بقا اور سلامتی کا واحد راستہ عوامی رائے کا احترام اور شفاف جمہوری عمل کے تسلسل میں ہی ہے

این اے 64 گجرات، قیصرہ الٰہی کی انتخابی عذرداری کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 64 گجرات میں پاکستان تحریک انصاف کے صدر چوہدری پرویز الٰہی کی اہلیہ قیصرہ الٰہی کی انتخابی عذرداری کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا جبکہ ۸ حلقے سے دیگر امیدواروں نے بھی فریق بننے کے لیے درخواستیں جمع کرادیں۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا نے بتایا کہ این اے 64 کے ریٹرننگ افسر (آر او) نے اپنی رپورٹ جمع کرادی۔ قیصرہ الٰہی کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ سالک حسین کو جتوانے کے لیے (بقیہ نمبر 53)

عبدالعلیم خان کی این اے 117 سے کامیابی کا نوٹیفکیشن چیلنج

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان استحکام پارٹی کے رہنما عبدالعلیم خان کی این اے 117 سے کامیابی کا نوٹیفکیشن اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ تحریک انصاف کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار علی اعجاز بٹر نے ہائی کورٹ سے رجوع کیا۔ درخواست گزار نے کہا کہ 9 فروری کو جاری شدہ فارم 47 کو کالعدم قرار دیا جائے اور 15 فروری کو جاری کیا گیا علیم خان کی کامیابی کا نوٹیفکیشن معطل کیا جائے۔

لاہور، چونگی امرسندھو کے رہائشی پولیس کی طرف سے انصاف نہ ملنے پر احتجاجی مظاہرہ کررہے ہیں

توہین عدالت کیس، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی گرفتاری کا حکم

ڈی اسلام آباد نے فیملی سمیت عمرے پر جانا ہے ڈی سی کو حاضری سے استثنیٰ دیا جائے، وکیل کی استدعا، عدالت نے استثنیٰ کی درخواست مسترد کردی

ڈپٹی کمشنر عرفان نواز میمن جہاں بھی ملیں گرفتار کرکے عدالت میں پیش کیا جائے، اسلام آباد سمیت تمام صوبوں کے آئی جیز کو بھی حکم نامہ جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے توہین عدالت کیس میں ڈی سی اسلام آباد کو گرفتار کرکے پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ اسلام آباد ہائیکوٹ کے جسٹس بابر ستار نے شہریار آفریدی کے خلاف تھری ایم پی او آرڈر کے معاملے پر توہین عدالت کیس کی درخواست پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران ڈی سی اسلام آباد کے وکیل نے استدعا کی کہ ڈی اسلام آباد نے فیملی سمیت عمرے پر جانا ہے ڈی سی کو حاضری سے استثنیٰ دیا جائے (بقیہ نمبر 49)

رائے ونڈ، پولیس اہلکار تبلیغی اجتماع کے موقع پر ریلوے اسٹیشن کے باہر چیکنگ کررہے ہیں

اسرائیلی مظالم سے غزہ میں انسانی المیہ جنم لے چکا ہے، متحدہ علما کونسل

آخر انسانی حقوق کے عالمی تنظیمیں کیوں خاموش ہیں؟ فلسطین میں خون کی ہولی کھیلی جارہی ہے

لاہور (این این آئی) متحدہ علما کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اسرائیلی مظالم سے غزہ میں انسانی المیہ جنم لے چکا ہے، ہر طرف لاشیں، بچوں اور عورتوں کی چیخ (بقیہ نمبر 46)

معیشت کو دستاویزی، نظام کو آٹومیشن پر لایا جائے، حبیب الرحمٰن

پرائیویٹ سیکٹر کو شامل کئے بغیر ٹیکس نظام میں اصلاحات کی بیل منڈھے نہیں چڑھ سکتی

لاہور (این این آئی) ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ کے چیئرمین قاری حبیب الرحمٰن زبیری نے کہا ہے کہ ہر حکومت کے آنے پر ایف بی آر میں اصلاحات کا شوروغوغہ ہوتا ہے لیکن بدقسمتی سے نتیجہ کوئی نہیں نکلتا، اپنے اپنے مفادات کیلئے ادھوری اصلاحات کے تجربات کا سلسلہ ترک کرکے حقیقی معنوں میں اصلاحات کا عمل شروع کیا جائے، اس عمل میں جب تک پرائیویٹ سیکٹر کو شامل نہیں کیا جائے گا یہ بیل (بقیہ نمبر 44)

ملکی ترقی کیلئے سب کو ملکر کردار ادا کرنا ہوگا، میاں عامر رزاق

وطن عزیز احتجاجی سیاست کا متحمل نہیں ہوسکتا، سیاسی قیادت کو افہام و تفہیم سے کام لینا ہوگا

لاہور (این این آئی) پیس فار لائف ویلفیئر فاؤنڈیشن کے صدر میاں عامر رزاق نے کہا ہے کہ وطن عزیز احتجاجی سیاست اور دھرنوں کا متحمل نہیں ہوسکتا، قومی سیاسی قیادت کو افہام و تفہیم سے کام لینا ہوگا کیونکہ دنیا کا بڑے سے بڑا مسئلہ بھی آپس میں بات چیت کے ذریعے حل ہوسکتا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ موجودہ ملکی حالات سیاسی اختلافات بھلا کر آگے بڑھنے کے متقاضی ہیں، سیاستدان (بقیہ نمبر 43)

اوکاڑہ، کیری ڈبہ اور موٹر سائیکل ٹکرانے سے ایک شخص جاں بحق، 2 خواتین زخمی

اوکاڑہ (این این آئی) اوکاڑہ میں کیری ڈبہ اور موٹر سائیکل ٹکرانے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 2 خواتین شدید زخمی ہوگئیں۔ ٹریفک کا افسوسناک حادثہ اوکاڑہ کے علاقے جوڑے روڈ پر پیش آیا جہاں تیز رفتار کیری ڈبہ آگے جانے والے موٹر سائیکل سے ٹکرا گیا جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار شخص موقع پر دم توڑ گیا جبکہ 2 خواتین شدید زخمی ہوگئیں۔ حادثے کی اطلاع ملنے کے بعد ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی، لاش اور زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کردیا جہاں زخمی ہونے والی خواتین کو طبی امداد دی جارہی ہے

چمن، پاسپورٹ آفس بلاک کرنے پر 10 مظاہرین گرفتار

کوئٹہ/چمن (این این آئی) چمن میں قانون ہاتھ میں لینے اور پاسپورٹ آفس بلاک کرنے پر 10 مظاہرین کو گرفتار کر لیا گیا۔ نگراں وزیر اطلاعات بلوچستان جان اچکزئی نے بتایا کہ چمن میں احتجاج کرنے والے مظاہرین کو گزشتہ چند ماہ سے پُر امن احتجاج کی اجازت دی گئی تھی۔ نگراں وزیر اطلاعات بلوچستان جان اچکزئی نے کہا کہ پاسپورٹ آفس کو بلاک کرنے کی اشتعال انگیزی کے بعد مداخلت کرنا پڑی۔ انہوں نے کہا کہ سفر کیلئے پاسپورٹ کی شرط ریاست کا فیصلہ ہے، پاسپورٹ (بقیہ نمبر 45)

پشاور، گھر کی چھت گرگئی، خاتون اور بچہ جاں بحق

پشاور (این این آئی) خیبر پختون خوا کے دارالخلافہ پشاور کے علاقے دوران پور میں واقع ایک گھر کی چھت گرگئی جس کے نتیجے میں ملبے تلے دب کر خاتون اور بچہ جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع نے بتایا کہ چھت کے ملبے سے 5 زخمیوں کو نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو 1122 کے ذرائع نے بتایا کہ بارش کے باعث گھر کی چھت بوسیدہ ہوکر گری ہے۔

لاہور، قلی ریلوے اسٹیشن کے باہر مسافروں کے انتظار میں کھڑے ہیں

گھریلو تشدد کا نشانہ بننے والی رضوانہ ایک بار پھر ہسپتال داخل

میڈیکل بورڈ آج رضوانہ کا طبی معائنہ کریگا، بازوں کی الائنمنٹ چیک، چہرے، سر کے زخموں کو دیکھا جائیگا

لاہور (این این آئی) اسلام آباد میں گھریلو تشدد کا نشانہ بننے والی سرگودھا کی رضوانہ کو دوبارہ لاہور جنرل ہسپتال (ایل جی ایچ) میں داخل کرادیا گیا جہاں اس کے بازووں کی الائمنٹ کے علاوہ چہرے اور سر کے زخموں کا معائنہ بھی کیا جائے گا۔ رپورٹس کے مطابق جنرل ہسپتال لاہور کے پرنسپل پروفیسر فرید ظفر کا کہنا ہے کہ میڈیکل بورڈ آج (بدھ) رضوانہ کا طبی معائنہ کرے گا، معائنے کے دوران رضوانہ کے بازوں کی الائمنٹ چیک کی جائے گی، چہرے اور سر کے زخموں کو بھی دیکھا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ رضوانہ کو بازوں کی سرجری کے لیے ہسپتال میں داخل کیا جاسکتا ہے، آج (بدھ) بورڈ بیٹھے گا تو فیصلہ کرے گا کہ ابھی داخل کرنا ہے یا نہیں۔ رضوانہ کو گزشتہ سال جولائی میں اس وقت ہسپتال لایا گیا تھا

ترسیلی نظام میں حائل رکاوٹیں ختم کرنے کی مہم جاری

این ٹی ڈی سی کے 220 کے وی گرڈ سٹیشن گکھڑ میں دوسرا 250 ایم وی اے آٹو ٹرانسفارمر نصب کردیا گیا

لاہور (این این آئی) نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی لمیٹڈ (این ٹی ڈی سی) کی ٹیکنیکل ٹیموں نے 220 کے وی گرڈ سٹیشن گکھڑ میں دوسرے 160 ایم وی اے آٹو ٹرانسفارمر کو 250 ایم وی اے آٹو ٹرانسفارمر کے ساتھ تبدیل کردیا ہے۔ مذکورہ 250 ایم وی اے آٹو ٹرانسفارمر کو آج کامیابی کے ساتھ انرجائز کردیا گیا ہے۔ یہ منصوبہ ورلڈ بینک کی مالی معاونت سے چلنے والے نیشنل ٹرانسمیشن ماڈرنائزیشن پراجیکٹ کا ایک حصہ ہے اور اسے ترسیلی نظام میں حائل رکاوٹیں ختم کرنے کی مہم کے تحت مکمل کیا گیا ہے، جس سے 220 کے وی گرڈ سٹیشن گکھڑ کی استعداد میں اضافہ ہوگا۔ نئے 250 ایم وی اے آٹو (بقیہ نمبر 55)

PAKISTAN RAILWAYS
APPRENTICES
TRAINING CENTRE

لاہور، ایک شخص ویٹ مین روڈ پر سڑک کنارے دوکان سجائے کپڑے فروخت کررہا ہے

کمشنر لاہور کو سرکاری پول پر لینڈ کلوزر روی ایٹ گاڑی الاٹ

لینڈ کلوزر روی ایٹ سرکاری پول کی الاٹمنٹ میں لاہور ڈویژن سرفہرست آ گیا

لاہور (این این آئی) نگراں وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کمشنر لاہور ڈویژن کو سرکاری پول پر لینڈ کلوزر روی ایٹ گاڑی الاٹ کردی، لینڈ کلوزر روی ایٹ سرکاری پول کی الاٹمنٹ میں لاہور ڈویژن سرفہرست آ گیا۔ نگراں وزیراعلیٰ پنجاب نے لینڈ کلوزر روی ایٹ کی چابی کمشنر لاہور کو دیدی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ہمراہ سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نبیل جاوید، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان، سی سی پی او لاہور بلال کمیانہ، چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالاسلام عارف موجود تھے۔ چیف سیکرٹری، آئی جی پنجاب، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، ہوم سیکرٹری اور چیئرمین پی اینڈ ڈی، سی سی پی او لاہور، ڈی آئی جی آپریشنز کے پاس لینڈ کلوزر روی ایٹ گاڑیاں سرکاری پول پر الاٹ ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف (بقیہ نمبر 51)

نواز، شہباز ہی ملک کو خوشحالی کی سمت گامزن کر سکتے ہیں، شبیر مقبول

ملکی خوشحالی ترقی، خدمت کی سیاست کا نام ن لیگ ہے، سیکرٹری اطلاعات انجمن تاجران

لاہور (سٹی رپورٹر) سیکرٹری اطلاعات و نشریات آل پاکستان انجمن تاجران شبیر مقبول نے کہا ہے ملک کی خوشحالی ترقی اور خدمت کی سیاست کا نام مسلم لیگ ن ہے۔ قائد پاکستان مسلم لیگ ن میاں نواز شریف اور صدر پاکستان مسلم لیگ ن میاں شہباز شریف ہی ملک کو خوشحالی کی سمت گامزن کر سکتے ہیں۔ سی پیک کو روک کر غیر ملکی آقاؤں کو خوش کرنے والی پی ٹی آئی غیر ملکی ایجنڈے پر کاربند ہے۔

خواجہ سعد رفیق کی گرینڈ نیشنل ڈائیلاگ لانچ کرنے کی تجویز کا خیر مقدم

موجودہ حالات میں سب ایک دوسرے کو سنیں، پاکستان کیلئے سمت کا تعین کریں، ندیم پہلوان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان نے سینئر لیگی رہنما خواجہ سعد رفیق کی قومی اسمبلی کا اجلاس جلد بلا کر گرینڈ نیشنل ڈائیلاگ لانچ کرنے کی تجویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں سب ایک دوسرے کو سنیں اور پاکستان کیلئے سمت کا تعین کریں۔

لیسکو کا بجلی چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن، 17 ہزار 604 ملزمان گرفتار

بجلی چوروں کو ڈیٹکشن بل کی مد میں 2 ارب 86 کروڑ 51 لاکھ 34 ہزار 570 روپے کے جرمانے

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن کو 161 روز مکمل ہوگئے جس میں مجموعی طور پر 17 ہزار 604 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق مجموعی طور پر 55 ہزار 367 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 51 ہزار 66 ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرائے گئے۔ بجلی چوروں کو اب تک 7 کروڑ 47 لاکھ 7 ہزار 927 یونٹس چارج کیے گئے جن کی قیمت 2 ارب 86 کروڑ 51 لاکھ 34 ہزار 570 روپے بنتی ہے۔ ترجمان کے (بقیہ نمبر 48)

الیکٹرسٹی وائرز اینڈ کیبلز کا معیار اچھا ہو تو بجلی بلز میں کمی آجاتی ہے، صفدر حسین

امریکی، جرمن معیار کی وائرز اینڈ کیبلز کے استعمال سے بلز، الیکٹرسٹی کے فضول ضیاع میں بچت ہوگی

لاہور (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو کاپر گٹ کیبلز اینڈ وائرز میاں صفدر حسین نے کہا ہے الیکٹرسٹی وائرز اینڈ کیبلز کا اگر معیار اچھا ہو تو بجلی کے بلز میں واضع کمی آجاتی ہے۔ انٹرنیشنل معیار کی وائرز اینڈ کیبلز پاکستان میں ہماری کمپنی تیار کررہی ہے۔ امریکی اور جرمن معیار کی وائرز اینڈ کیبلز کے استعمال سے بجلی کے بلز اور الیکٹرسٹی کے فضول ضیاع میں بچت ہوگی۔ کاپر گٹ کیبلز اینڈ وائرز کے ماہرین کی کاوشیں معیار کو بہتر سے بہترین بلند سے بلند ترین معیار تک لے کر جانے کیلئے جاری ہیں۔

تمام جماعتیں ملک کر ملکی مسائل کا حل تلاش کریں، مرکزی علما کونسل

وطن عزیز سے انتہا پسندی اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے علما اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے

پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی پر ہرگز آنچ نہیں آنے دیں گے، صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) مرکزی علما کونسل پنجاب کی صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس زیر صدارت مرکزی چیئرمین صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی کے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر لاہور میں منعقد ہوا جس میں صوبائی صدر پنجاب مولانا مشتاق لاہوری، مولانا شعیب صدیق، مولانا سمیع اللہ ربانی، مولانا حبیب الرحمٰن ضیا، مولانا اعظم فاروق، مولانا عامر اشرف نے شرکت کی۔ پنجاب کی 9 ڈویژن میں 2024 میں علما کونشن منعقد کروانے اور مرکزی علما کونسل کو پنجاب کے تمام اضلاع میں متحرک اور فعال کرنے کا فیصلہ کیا گیا مرکزی علما کونسل پنجاب کے نئے نامزد عہدیداران کو صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی اور (بقیہ نمبر 47)

لاہور، محنت کش سائیکل پر چوڑیاں فروخت کررہا ہے

بہاریہ کماد کی کاشت کیلئے بیج کے انتخاب بارے ہدایات جاری

کاشتکار بہاریہ کماد کی کاشت کیلئے بیج کا انتخاب کرتے وقت احتیاط سے کام لیں، محکمہ زراعت پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان کے مطابق کاشتکار بہاریہ کماد کی کاشت کیلئے بیج کا انتخاب کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔ کاشتکار کماد کی بوائی کیلئے ایسے کھیتوں سے بیج کا انتخاب کریں جو مکمل صحتمند ہو، کورے سے متاثرہ اور رتہ روگ یا کسی بھی اور بیماری سے بیج بالکل پاک ہونا چاہیے۔ بیج کاٹنے سے پہلے گنے کی آنکھوں کا اچھی طرح معائنہ کر لیں۔ بیج کیلئے کاٹے گئے ٹکڑوں پر کم از کم دو یا تین آنکھیں موجود ہونی چاہیں۔ گنے کی آنکھوں کو زخمی ہونے سے بچانے کیلئے درانتی (بقیہ نمبر 42)

صحافیوں کی فلاح و بہبود حکومت کی ذمہ داری ہے، چوہدری حامد حمید

یہ لوگ شہر اور مکینوں کے مسائل کو اجاگر کرنے کیلئے اپنی زندگی کو داؤ پر لگائے مصروف عمل رہتے ہیں

سرگودھا (این این آئی) مسلم لیگ پنجاب کے نائب صدر و سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری چوہدری حامد حمید نے کہا کہ جرنلسٹ رپورٹر ہو یا فوٹو گرافر شہر کی بہتری اور مکینوں کے مسائل کو اجاگر کرنے کے لئے ہمہ وقت کوشاں رہتے ہیں جن کی فلاح و بہبود حکومت کی ذمہ داری ہے۔ ذرائع کے مطابق فوٹو جرنلسٹ کے نومنتخب عہدیداران سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر انفارمیشن احمد نعیم ملک اور مسلم لیگ ن پنجاب کے نائب صدر و سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری چوہدری حامد حمید نے کہا کہ صحافت میں جرنلسٹ رپورٹر ہو یا فوٹو گرافر معاشرہ کا وہ اہم کردار اور انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے جن کی محنت علاقہ (بقیہ نمبر 41)

لاہور، پنجاب یونیورسٹی کیمپ کے زیر اہتمام ورکشاپ کے شرکاء کا گروپ فوٹو

ٹیکسی ڈرائیور کے قتل میں سزائے موت پانے والا ملزم بری

ہائیکورٹ کے دو رکنی بنچ نے ملزم کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کیا، تحریری فیصلہ جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ٹیکسی ڈرائیور کے قتل کے مقدمے میں سزائے موت کے ملزم کو بری کردیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ملک شہزاد احمد خان اور جسٹس محمد امجد رفیق نے اپیل کا تحریری فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے شک کا فائدہ دیتے ہوئے الفت رسول کو بری کردیا۔ تحریری (بقیہ نمبر 17)

مختلف شہروں میں مزید 6 ماڈل بازار بنائے جارہے ہیں، ایس ایم تنویر

پنجاب کو معاشی سرگرمیوں کا مرکز بنانے کیلئے کئے گئے اقدامات بارآور ثابت ہوئے ہیں

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ گزشتہ ایک سال میں محکمہ صنعت و تجارت، سرمایہ کاری و تشکیل ہنرمندی میں اصلاحات کے ذریعے اسے معاشی ترقی کا حقیقی رول ماڈل بنایا گیا، پنجاب کے 6 بڑے شہروں میں بزنس فسیلیٹیشن سینٹرز قائم کرکے (بقیہ نمبر 34)

ISLAMABAD
NATIONAL PRESS CLUB
NPC
پاکستان پیپلز پارٹی

لاہور، بلوچستان کے ضلع لورالائیٹ سے پی پی کے امیدوار شمس الدین پریس کانفرنس کررہے ہیں

آذربائیجان وسطی ایشیا کا ایک اہم ملک ہے، کاشف انور

سرمایہ کاری کونسل کے ذریعے تجارت بڑھانے آذربائیجان کے ساتھ تعلقات مضبوط بنانے پر زور

لاہور (این این آئی) آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں اپنے خطاب کے دوران پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تجارتی تعلقات کو فروغ دینے کے لیے آذربائیجان کے مضبوط عزم پر زور دیا۔ انہوں نے آذربائیجان ایئرلائن اور پی آئی اے کی طرف سے گزشتہ برسوں سے دونوں ممالک کے درمیان براہ راست پروازوں کے آغاز پر روشنی ڈالی، فلائٹ کنیکٹیویٹی کو وسعت دینے کی خواہش کا خاکہ پیش کیا، جس کا مقصد مختلف شہروں سے روزانہ کی پروازیں ہیں۔ سفیر نے معاشی ترقی میں نجی شعبے کے کلیدی کردار پر زور دیا۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف انور نے آذربائیجان کے سفیر کا خیر مقدم کیا اور پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان دوستانہ، تاریخی، اور ثقافتی تعلقات کا اعتراف کیا۔ انہوں نے کہا کہ آذربا (بقیہ نمبر 35)

اے این ایف، 631 کلو سے زائد منشیات برآمد، 12 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس کا منشیات اسمگلنگ کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، 15 کاروائیوں میں 631 کلو سے زائد منشیات برآمد کرکے 12 ملزمان گرفتار کرلیے گئے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق اسلام آباد ایئرپورٹ پر سعودیہ جانے والے مسافر سے 1 کلو ہیروئن اور 4.8 کلو آئس برآمد ہوئی، سیالکوٹ ایئرپورٹ پر قطر جانے والے مسافر سے 1 کلو آئس برآمد ہوئی، اسلام آباد ایئرپورٹ پر شارجہ جانے والے مسافر سے 69 ہیروئن بھرے کیپسولز برآمد ہوئے، لاہور ایئرپورٹ پر دوحہ جانے والے مسافر سے 448 گرام آئس برآمد ہوئی،

سینیٹر اعجاز چوہدری کے پروڈکشن آرڈر کی قرارداد سینیٹ میں پیش

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک کے انصاف کے سینیٹر علی ظفر نے سینیٹر اعجاز چوہدری کے پروڈکشن آرڈر کی قرارداد سینیٹ میں پیش کردی۔ منگل کو قرارداد میں انہوں نے مطالبہ کیا کہ اعجاز چوہدری کو سینیٹ اجلاس میں شامل ہونے دیا جائے، یہ آخری اجلاس ہے، اعجاز چوہدری کے پروڈکشن آرڈر کا مطالبہ کرتے ہیں، اس قرارداد پر 27 سینیٹرز نے دستخط کیے ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے انہیں جواب دیا کہ آپ اس قرارداد کو جمع کردیں

قیام امن کیلئے شہر بھر میں سکیورٹی کے سخت اقدامات ہیں، سی سی پی او

لاہور (این این آئی) پی ایس ایل میچز کے پیش نظر لاہور پولیس کی جانب سے سنیپ چیکنگ، ناکہ جات اور شہر کے داخلی وخارجی راستوں پر قانون شکن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایک بیان میں ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ رواں سال میں اب تک شہر کی داخلی وخارجی چیک پوسٹوں پر 20719 وہیکلز اور 14403 موٹر سائیکلز کی چیکنگ عمل میں لائی گئی۔ شہر کے داخلی وخارجی راستوں پر قائم چیک پوسٹوں پر سیکورٹی کے پیش نظر 212413 اشخاص کی چیکنگ کی گئی ہے۔

لاہور، جماعت اسلامی کے این اے 120 سے امیدوار و کسان بورڈ پاکستان وسطی پنجاب کے صدر میاں رشید منہالہ جلسہ سے خطاب کررہے ہیں

سینیٹر مشتاق اور طاہر بزنجو کا چیف الیکشن کمشنر کیخلاف آئین شکنی کا مقدمہ چلانے کا مطالبہ

دھاندلی کروانے والے قومی مجرم، الیکشن میں ڈرگ مافیا اور افغان نیشنل کو جتوایا گیا، کمشنر راولپنڈی لیاقت چٹھہ نے الیکشن کا کچا چٹھا کھول دیا

چیف الیکشن کمشنر معافی مانگیں اور ان سے 50 ارب وصولی کیا جائے، الیکشن کی شفاف تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن بنایا جائے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹر مشتاق احمد اور سینیٹر طاہر بزنجو نے چیف الیکشن کمشنر کے خلاف آئین شکنی کا مقدمہ چلانے کا مطالبہ کردیا۔ سینٹ کا اجلاس چیئرمین صادق سنجرانی کی زیر صدارت ہوا، جس میں وقفہ سوالات معطل کرنے کی تحریک قائد حزب اختلاف وسیم شہزاد نے پیش کی، جسے منظور کرلیا گیا۔ بعدازاں سینیٹ میں عام انتخابات 2024ء پر بحث کا آغاز ہوا۔ سینیٹ میں اظہر خیال کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق (بقیہ نمبر 36)

ہمیں اپنی بیٹیوں کو موزوں ماحول دینا ہے، فریحہ بابر

شہید حکیم سعید کی کارہائے نمایاں، جانشین سعدیہ راشد کی کاوشوں کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین

لاہور (پ ر) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی طرف سے سائنس ٹیکنالوجی انجینئرنگ اور ریاضی کے شعبوں تک خواتین اور لڑکیوں کی مکمل اور مساوی رسائی اور ان میں شرکت کو فروغ دینے کے لیے عالمی دن منایا جاتا ہے اس حوالے سے پاکستان کی ''بیٹیاں پاکستان کا مستقبل'' کے موضوع پر ہمدرد مرکز میں ایک اجلاس منعقد کیا گیا جس کی مہمان خصوصی صدر رہائی فاؤنڈیشن پاکستان فرح ہاشمی جبکہ (بقیہ نمبر 37)

Pay Hakim Mohammad Said Memorial Scholarship
Rupees Fifty Thousand Only

ہمدرد نونہال اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ذہین طلباء طالبات کو صدر رہائی فاؤنڈیشن فرح ہاشمی، سعدیہ قریشی اور سید علی بخاری حکیم سعید سکالرشپ ایوارڈز پیش کررہے ہیں

بلاول زرداری ذوالفقار بھٹو کی سیاسی ساکھ کمزور نہ کریں، اجمل قادری

بلاول زرداری اپنے قد سے بڑی باتیں نہ کیا کریں، وہ مولانا کے خلاف بیان پر معذرت کریں، بیان

کراچی (این این آئی) سربراہ جمعیت علمائے اسلام نظریاتی مولانا اجمل قادری نے کہا ہے کہ بلاول زرداری ذوالفقار بھٹو کی سیاسی ساکھ کمزور نہ کریں۔ ایک بیان میں مولانا اجمل قادری نے کہا کہ ہمارے اختلافات ہیں لیکن مولانا فضل الرحمٰن قد آور اسلامی شخصیت ہیں۔ مولانا اجمل قادری نے کہا کہ بلاول زرداری اپنے قد سے بڑی باتیں نہ کیا کریں، وہ مولانا کے خلاف بیان پر معذرت کریں۔

ملک میں موبائل فونز کی درآمدات میں بڑا اضافہ ریکارڈ

جولائی تا جنوری ٹیلی کام سیکٹر کی درآمدات ایک ارب 24 کروڑ 33 لاکھ ڈالرز سے زائد رہیں

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں موبائل فونز کی درآمدات میں بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے اور جنوری میں سالانہ بنیادوں پر موبائل فونز کی درآمدات میں 275.15 فیصد اضافہ ہوا جبکہ سالانہ بنیادوں پر ٹیلی کام سیکٹر کی درآمدات 197 فیصد بڑھیں۔ ادارہ شماریات کے اعدادوشمار کے مطابق جنوری 2024 میں 19 کروڑ 49 لاکھ ڈالرز سے زائد کے موبائل منگوائے گئے جو سالانہ بنیادوں پر 275 (بقیہ نمبر 39)

لاہور، لنڈا بازار میں دوکاندار نے جوتیاں فروخت کرنے کیلئے رسیوں سے لٹکا رکھی ہیں

محفوظ خوراک کی یقینی فراہمی کیلئے فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں جاری

لاہور (این این آئی) ڈی جی فوڈ اتھارٹی کی ہدایت پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے سٹی ایریا میں واقع فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ اور علی الصبح داخلی راستوں پر سخت ناکہ بندی کی، سٹی ایریا میں 12 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ، ممنوعہ زائد المیعاد اشیا کی برآمدگی پر 4 پوائنٹ بند، 3 کو 3 لاکھ 70 ہزار سے زائد کے جرمانے عائد، 5 کو اصلاحی نوٹس جاری کر دیئے گئے، 172 دودھ بردار گاڑیوں، 2 لاکھ 23 ہزار لٹر سے زائد دودھ کا معائنہ، 8 سپلائرز کو جرمانے عائد

سیاسی استحکام کے بغیر معاشی استحکام کا خواب پورا نہیں ہوگا، قاری اعظم

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ سیاسی استحکام کے بغیر معاشی استحکام کا خواب پورا نہیں ہوگا، ملکی معیشت تباہی کی جانب گامزن ہے، جس کی بہتری کیلئے مضبوط معاشی پالیسیوں کی ضرورت ہے، ملکی معیشت کی مضبوطی کے لیے عوام تمام سیاسی جماعتوں اور تاجر تنظیموں کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ انتخابات کا عمل پر امن انداز میں مکمل ہوچکا ہے پاکستان کی تاریخ میں کوئی بھی ایسا الیکشن نہیں جس کے انعقاد کے بعد ہارنے والی جماعت (بقیہ نمبر 38)

10 سالہ بچی سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) پولیس نے 10 سالہ بچی سے زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق 10 سالہ امان کھلونا لینے دوکان پر گئی تو ملزم نے ورغلا کر زیادتی کرنے کی کوشش کی۔ لیاقت آباد آپریشن ونگ پولیس نے 15 کی کال پر بروقت کارروائی کرکے 10 سالہ بچی سے زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم مختیار کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے ملزم کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے شوکت ٹاؤن سے گرفتار کیا، ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے انوسٹی گیشن ونگ کے حوالے (بقیہ نمبر 40)

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226